رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12 قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ A.B.C Certified
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | پیر | 07 جمادی الاول 1448ھ | 19 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 97

تمام داخلی اور خارجہ پالیسیاں منتخب پارلیمنٹ میں ہی وضع کی جائیں، مذاکرات پر لگے منتخب پارلیمنٹ کا سرچشمہ ہوگی، آئین پاکستان اس بنیاد پر ہوں گے، منتخب پارلیمنٹ ہی طاقت کا سرچشمہ ہو گی، تحریک تحفظ آئین پاکستان

ہر ادارہ، چاہے وہ عدلیہ ہو، صحافت ہو یا سیاست، اپنا اپنا کام کرے، لیکن آئین کی بالادستی قائم رہے اور تمام پالیسیاں حقیقی منتخب پارلیمنٹ کے ذریعے ہی بنائی جائیں، محمود خان اچکزئی

خیبر پشتونخوا کی عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ہم نے فیصلہ کیا کہ اس فیصلے کو ہم بھی عدالت میں چیلنج کریں۔ یہ ایک ظالمانہ، غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر اسلامی اقدام ہے، صحافیوں سے بات چیت

پشاور (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے وائس چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان، قائد حزب اختلاف سینٹ سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس، وائس چیئرمین تحریک (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اسحاق ڈار اور عباس عراقچی کا ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی بدلتی صورتحال اور سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال

او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس پر بھی گفتگو، دونوں رہنماؤں کا قریبی رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفونک گفتگو کی، جس میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور علاقائی چیلنجز سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے موجودہ علاقائی حالات کے تناظر میں باہمی مشاورت اور سفارتی روابط کی اہمیت پر گفتگو کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ٹیلیفونک رابطے کے دوران اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی وزرائے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

پی ٹی آئی براہ راست کوئی مذاکرات نہیں کرے گی، فیصلہ اپوزیشن اتحاد اور آل پارٹیز کانفرنس میں ہوگا، اسد قیصر

وفاق کے فیصلوں کا ایک ہی جواب ہے ''بھرپور مزاحمت'' یہ اپنا کیا خود بھگتیں گے، سابق اسپیکر قومی اسمبلی

تحریک انصاف کے رہنماء کا خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا ہر فورم پر مقابلہ کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اب براہ راست کوئی مذاکرات نہیں کرے گی، اب فیصلہ اپوزیشن اتحاد اور آل پارٹیز کانفرنس میں ہوگا۔ اپنے بیان میں اسد قیصر نے کہا کہ وفاق کے فیصلوں کا ایک ہی جواب ہے ''بھرپور مزاحمت'' یہ اپنا کیا خود بھگتیں گے۔ اسد قیصر نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا ہر فورم پر مقابلہ کرنے کا اعلان کیا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان کا 8 دہشتگردوں کے خاتمے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بلوچستان میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی ایک اہم کامیابی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم 8 دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد، ایوان بالا کا اجلاس آج پیر کو ہوگا

اراکین کے بل۔ توجہ دلاؤ نوٹس اور دیگر اہم قانون سازی ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا کا اجلاس آج پیر کو ہوگا۔ اجلاس میں اراکین کے بل۔ توجہ دلاؤ نوٹس اور دیگر اہم قانون سازی ہوگی۔ سینیٹ سیکرٹری کی جانب سے جاری ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں متعدد نجی اراکین کے بل پیش کیے جائیں گے۔ اجلاس (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں پاکستان کی قومی تاریخ کا روشن باب ہیں، صدر زرداری

شہدا کی قربانیاں دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، پیغام

اسلام آباد (آن لائن) صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں پاکستان کی قومی تاریخ کا روشن باب ہیں، شہدا کی قربانیاں دہشت (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مالی مشکلات کی وجہ سے کسی ذہین بچے کو معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے، دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیاں دوسروں کیلئے مثال ہیں، شہباز شریف

دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، اس وقت مختلف علاقوں میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں، وزیراعظم

مالی وسائل کی کمی لاکھوں ذہین بچوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیاں دوسروں کے لئے مثال ہیں، طلبہ کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہیں کہ مواقع ملنے پر محروم طبقات کے بچے بھی آگے بڑھ سکتے ہیں، معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہے، پاکستان کے لاکھوں ذہین اور باصلاحیت نوجوانوں کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ مالی وسائل کی کمی ہے، مالی مشکلات کی وجہ سے کسی ذہین بچے کو معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ دانش سکول اسلام آباد کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہے، آج وزیراعظم پاکستان کی حیثیت سے نہیں بلکہ عوام کے حقیقی خادم کی حیثیت سے آپ کے سامنے ہوں، دانش اسکولز سے متعلق دستاویزی فلموں، طلبہ کے تاثرات اور فارغ التحصیل طلبہ کی کامیابیوں نے دلوں کو چھو لیا، دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیاں انتہائی متاثر کن ہیں، خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والی خصوصی صلاحیتوں کی حامل بچی کی جدوجہد، کامیابی، امید اور حوصلے کی روشن مثال ہے، بچی نے امید کا دامن کبھی نہیں چھوڑا، خصوصی صلاحیتوں کی مالک بچی کی داستان غیر متزلزل عزم کی کہانی ہے، وہ عظیم پاکستانی محنتی، باوقار اور علم (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

اسحاق ڈار کا مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفونک رابطہ

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی کیلئے مکمل یکجہتی اور حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ اتوار کو ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے مملکت سعودی عرب کی (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں، 8 بھارتی حمایت یافتہ دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کے غیرملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا

(بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

پاکستان رینجرز (سندھ) اور پولیس کا سرجانی میں مشترکہ آپریشن، 5 انسانی اسمگلر گرفتار

کراچی (آن لائن) پاکستان رینجرز (سندھ) اور ضلع ویسٹ پولیس کی جانب سے خفیہ معلومات کی بنیاد پر سرجانی میں بین الصوبائی انسانی اسمگلروں کے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

دانش اسکول کے حوالے سے ویڈیو ڈاکیومنٹری پیش کی گئی

امریکی بحریہ کی پاکستانی سرزمین سے ایران کے خلاف کارروائی کا دعویٰ بے بنیاد ہے، وزارت اطلاعات

امریکی بحریہ پاکستانی اجازت سے ایران کے خلاف پاکستانی سرزمین سے کارروائی کر رہی ہے، بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈا ہے

پاک فوج اور محکمہ صحت آزاد کشمیر کا ایل او سی پر فری میڈیکل کیمپ

(بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
کھیلوں کی دنیا
انچارج شجاع



بلوچستان میں کرکٹ ٹیلنٹ کی تلاش

پی سی بی کے انڈر 15، انڈر 17 اور انڈر 19 ٹرائلز کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کرکٹ ٹیلنٹ کی تلاش اور فروغ کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام انڈر 15، انڈر 17 اور انڈر 19 کرکٹ ٹرائلز کا انعقاد کیا گیا ہے، ٹرائلز میں قلات، مستونگ اور سوراب سے سینکڑوں نوجوان کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ فوکل پرسن وحید مینگل کے مطابق، پی سی بی کے دو روزہ ٹرائلز کے اختتام پر 100 سے زائد لڑکوں اور 12 کلبز کے کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی۔ ٹرائلز کے دوران پی سی بی کے آفیشل کوچ محمد حسن کی نگرانی میں نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا گیا، کرکٹ سرگرمیوں کے انعقاد میں مقامی انتظامیہ نے بھی دلچسپی لیتے ہوئے کھیلوں کی سرگرمیوں کی بحالی میں اہم کردار ادا کیا۔ قلات کے نوجوان کرکٹرز کو قومی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرنے کی کوشش کو کھیلوں کے حلقوں نے سراہا۔

قومی کرکٹر رضوان کے بعد امام الحق کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مل گئی

امام الحق (آج) سے شروع ہونیوالے پیٹرنز ٹرافی گریڈ ون کے آخری راؤنڈ میں او جی ڈی سی ایل کو دستیاب ہوں گے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹر رضوان کے بعد امام الحق کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مل گئی، پیٹرنز ٹرافی گریڈ ون کے آخری راؤنڈ میں او جی ڈی سی ایل کی نمائندگی کریں گے۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق امام الحق (آج) پیر سے شروع ہونے والے پیٹرنز ٹرافی گریڈ ون کے آخری راؤنڈ میں او جی ڈی سی ایل کو دستیاب ہوں گے، او جی ڈی سی ایل نے بھی امام الحق کی دستیابی کی تصدیق کر دی ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے او جی ڈی سی ایل کو امام الحق کی ڈومیسٹک کرکٹ میں شرکت کی اجازت سے آگاہ کر دیا ہے، جس کے بعد ان کی ایونٹ کے آخری راؤنڈ میں شرکت کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ یاد رہے اس سے قبل قومی کرکٹر محمد رضوان کو بھی فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلنے کی اجازت مل چکی ہے۔

نیشنل بینک کا اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ

پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے نیشنل بینک کے اقدام کا پرجوش خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں قومی کھیل ہاکی کی بحالی کی کوششوں میں ایک بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے، نیشنل بینک آف پاکستان نے اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا، اس قدم کو قومی کھیل کی ادارہ جاتی سرپرستی کی بحالی کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا جارہا ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان کی ہاکی برادری، بالخصوص ان باصلاحیت اور جوان کھلاڑیوں کے لیے انتہائی خوش آئند ہے جو روزگار کے پائیدار مواقع اور اعلیٰ سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کے لیے پلیٹ فارم کے منتظر تھے۔ کھلاڑیوں کی بھرتی کا عمل فوری طور پر شروع کیا جارہا ہے جبکہ نیشنل بینک کی ہاکی ٹیم آنے والے قومی کھیلوں (نیشنل گیمز) میں بھی حصہ لے گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے اس مثبت اقدام کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ ایک بڑے قومی ادارے کی ڈیپارٹمنٹل ہاکی میں واپسی سے ملکی ہاکی کے ڈھانچے کو استحکام ملے گا اور کھلاڑیوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین احمد وانی نے اس فیصلے کو پاکستان ہاکی کے مستقبل کے لیے ایک مثبت اور بروقت قدم قرار دیا۔ انہوں نے ہاکی کے فروغ اور کھلاڑیوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے پر نیشنل بینک آف پاکستان کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ڈیپارٹمنٹل ہاکی کی بحالی کھلاڑیوں کے مالی تحفظ، قومی سطح پر مقابلے کی فضا کو مضبوط بنانے اور مستقبل کے قومی کھلاڑیوں کی تیاری کے لیے بے حد ضروری ہے۔

ہاکی کھیل کی بحالی، نیشنل بینک آف پاکستان نے اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں قومی کھیل ہاکی کی بحالی کی کوششوں میں ایک بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں نیشنل بینک آف پاکستان نے اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اس قدم کو قومی کھیل کی ادارہ جاتی سرپرستی کی بحالی کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا جارہا ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان کی ہاکی برادری، بالخصوص ان باصلاحیت اور جوان کھلاڑیوں کے لیے انتہائی خوش آئند ہے جو روزگار کے پائیدار مواقع اور اعلیٰ سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کے لیے پلیٹ فارم کے منتظر تھے۔ کھلاڑیوں کی بھرتی کا عمل فوری طور پر شروع کیا جارہا ہے، جبکہ نیشنل بینک کی ہاکی ٹیم آنے والے قومی کھیلوں (نیشنل گیمز) میں بھی حصہ لے گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) نے اس مثبت اقدام کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ ایک بڑے قومی ادارے کی ڈیپارٹمنٹل ہاکی میں واپسی سے ملکی ہاکی کے ڈھانچے کو استحکام ملے گا، کھلاڑیوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور کھیل کی دیرپا بحالی میں مدد ملے گی۔

راولپنڈی، ون ڈے ٹرائی سیریز، پاکستان اور سری لنکا کی ٹیموں کے درمیان افتتاحی میچ کا ٹاس کا منظر



راولپنڈی ٹرائی سیریز کے افتتاحی میچ میں سری لنکا کیخلاف پاکستانی بیٹر شاٹ لگا رہا ہے

سلطان اذلان شاہ ہاکی کپ قومی ٹیم کی شاندار تیاریوں کیلئے جامع حکمت عملی تیار

ٹورنامنٹ کی تیاریوں اور حتمی اسکواڈ کی شفاف سلیکشن کیلئے ملک بھر سے انڈر 18، جونیئر اور سینئر کھلاڑی 30 اکتوبر کو نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم، اسلام آباد میں مدعو

پاکستان ہاکی فیڈریشن نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ میرٹ اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے ایسی متوازن ٹیم تشکیل دی جائے گی جو بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کرسکے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ملائیشیا کے شہر ایپوہ میں 20 نومبر 2026ء سے 28 نومبر 2026ء تک کھیلے جانے والے سلطان اذلان شاہ ہاکی کپ میں قومی ٹیم کی بہترین اور شاندار تیاریوں کے لیے جامع حکمت عملی وضع کر لی ہے۔ ٹورنامنٹ کی تیاریوں اور حتمی اسکواڈ کی شفاف سلیکشن کے لیے ملک بھر سے انڈر 18، جونیئر اور سینئر کھلاڑیوں کو 30 اکتوبر کو نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم، اسلام آباد میں مدعو کر لیا گیا ہے۔ مذکورہ کیمپ سے باصلاحیت کھلاڑیوں پر مشتمل تین پول بنائے جائیں گے۔ جس میں تینوں فارمیٹس کے کھلاڑیوں کو پول میں تقسیم کر کے انکی تکنیکی صلاحیتوں کا جائزہ لیکر منتخب کیا جائے گا۔ پاکستان ہاکی کی تاریخ میں پہلی بار اتنے بڑے پیمانے پر ٹیلنٹ کو موقع فراہم کیا جا رہا ہے، جہاں ملک بھر کے تمام قابل اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو اس ٹریننگ کیمپ میں شرکت کا موقع ملے گا۔ فیڈریشن کے حکام کے مطابق، کیمپ کا مقصد ابھرتے ہوئے نوجوان کھلاڑیوں کو سینئر سطح پر اپنی صلاحیتیں دکھانے کے لیے ایک مساوی اور یکساں پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ ٹریننگ کیمپ کے دوران تمام کھلاڑیوں کی جسمانی فٹنس، تکنیکی مہارت اور کھیل کی حکمت عملیوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائیگا جس کے بعد میرٹ کی بنیاد پر سلطان اذلان شاہ کپ کے لیے حتمی قومی ہاکی ٹیم کا انتخاب کیا جائے گا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ میرٹ اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے ایسی متوازن ٹیم تشکیل دی جائے گی جو بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کرسکے۔

پاکستانی ہینڈ بال کوچ نصیر احمد عمرہ کی سعادت کے بعد فیصل آباد پہنچ گئے

فیصل آباد (این این آئی) پاکستانی ہینڈ بال کوچ نصیر احمد عمرہ کی سعادت کے بعد گزشتہ روز سعودی عرب سے فیصل آباد پہنچ گئے۔ فیصل آباد ایئر پورٹ پر پاکستان لان باؤلز فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل رانا مقصود وسیم اور ہینڈ بال کوچ آصف علی ملک کے علاوہ دیگر آفیشلز نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ نصیر احمد نے اپنے فیملی کے ہمراہ سعودی عرب میں قیام کے دوران خانہ کعبہ کے طواف کرنے کے ساتھ ساتھ روضہ رسول پر بھی حاضری دی۔

25 ویں نیشنل نیٹ بال چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع کردی گئی

چیمپئن شپ کے دوران اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو مردوں اور خواتین کی قومی ٹیموں کے لئے منتخب کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام 25 ویں نیشنل مینز اینڈ ویمنز نیٹ بال چیمپئن شپ کا آغاز 23 دسمبر سے لیاقت جمنازیم، پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں ہوگا۔ پاکستان واپڈا اور کاسموپولیٹن اکیڈمکس بالترتیب مردوں اور خواتین کے مقابلوں میں اپنے، اپنے ٹائٹلز کا دفاع کریں گے۔ اس بات کا اعلان گزشتہ روز پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر محمد شٔین ملک نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے ملک بھر سے مختلف ڈیپارٹمنٹس، صوبائی اور ریجنل کی 15 ٹیموں کو مدعو کیا گیا ہے جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ریلوے، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پی این ایف اکیڈمی، کاسموپولیٹن اکیڈمکس، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کے مینیجرز کا اجلاس 22 دسمبر کو شام 4 بجے علامہ اقبال ہاسٹل، پاکستان اسپورٹس بورڈ میں منعقد ہوگا۔ جس میں چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان اور قوانین کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ چیمپئن شپ کے سیمی فائنل مقابلے 24 دسمبر کو کھیلے جائیں گے، جبکہ مردوں اور خواتین دونوں کیٹیگریز کے فائنل مقابلے 25 دسمبر کو ہوں گے۔ فائنل میچوں کے بعد فاتح ٹیموں میں ٹرافیاں، میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے جائیں گے۔ یہ چیمپئن شپ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کی نگرانی اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے تعاون سے منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیمپئن شپ کے دوران اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو مردوں اور خواتین کی قومی ٹیموں کے لئے منتخب کیا جائے گا جو بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔

پاکستان اور انگلینڈ کا میچ چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے نام کرنے کا اعلان

پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان 3 ملکی سیریز کا چوتھا ون ڈے انٹرنیشنل میچ بریسٹ کینسر آگاہی مہم کے تحت کھیلا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ون ڈے ٹرائی سیریز کے دوران 25 اکتوبر کو پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل میچ کو چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے نام کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ [illegible] اور ایل ای ڈی بورڈز پر آگاہی پیغامات نشر کیے جائیں گے۔ پی سی بی کے مطابق میچ شروع ہونے سے 2 گھنٹے قبل قذافی اسٹیڈیم میں پنک ربن مہم کی خصوصی سرگرمیوں کا آغاز ہوگا۔ خصوصی پنک شرٹس بھی متعارف کروادی گئی ہیں جو 19 [illegible]

محمد رضوان (آج) ریورس لیبارٹریز کے خلاف سوئی ناردرن گیس کی قیادت کریں گے

[illegible] ٹیم کے [illegible] 19 اکتوبر [illegible] گیس کی [illegible] 4 روزہ میچ [illegible] کے لئے 47 [illegible] ٹیسٹ کھیلنے [illegible] معاملات کو بہتر [illegible] رضوان خود [illegible] کرکٹ پر [illegible] انہوں نے [illegible] کھیلنے کی [illegible]

54 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ 22 اکتوبر سے کراچی میں شروع ہوگی

چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے

[illegible]

پاکستان نے ایشیا زون تھری ویمنز ہینڈ بال ٹرافی میں کانسی کا تمغہ جیت لیا

[illegible]

راولپنڈی، پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پہلے ون ڈے میچ کے موقع پر دونوں ٹیموں کے کھلاڑی قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

اسلام آباد سٹی اور اسمرفز کاشی لیگ جونیئرز میں فاتحانہ آغاز

اسٹرائیکرز کو گیلیکسی کے خلاف واک اوور ملنے پر ایونٹ میں پہلی بار پوائنٹس حاصل ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سٹی اور اسمرفز نے ہفتے کے روز جناح اسٹیڈیم فٹسال فیلڈز میں اپنے اپنے میچز جیت کر شی لیگ جونیئرز میں فاتحانہ آغاز کیا۔ اسلام آباد سٹی نے چنزی کی شاندار ہیٹ ٹرک اور مومنہ کے دو گولز کی بدولت وائبریٹ ایف سی کو 6-3 سے شکست دی۔ وائبریٹ ایف سی کی جانب سے ہونیا نے دو گول اسکور کیے۔ دوسری جانب اسمرفز نے مشراح عمر کی ہیٹ ٹرک کی بدولت سخت مقابلے کے بعد مڈفیلڈ ایف سی کو 6-4 سے ہرا دیا۔ اس شکست کے ساتھ مڈفیلڈ ایف سی کا مسلسل دو فتوحات کا ریکارڈ بھی ختم ہوگیا۔ مڈفیلڈ ایف سی کی جانب سے حیا نے دو گول کیے۔ شی لیگ سینئرز ایونٹ میں اسمرفز نے ہنزہ سٹی کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 14-1 سے شکست دے کر مسلسل دوسری فتح حاصل کی اور بہتر گول فرق کی بنیاد پر اسلام آباد سٹی کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ اسمرفز کی جانب سے وریشہ نے چار گول کیے، جبکہ کپتان اسرا نے ہیٹ ٹرک اسکور کی۔ فاطمہ اور مریم نے بھی دو، دو گول کیے۔ دریں اثنا اسٹرائیکرز کو گیلیکسی کے خلاف واک اوور ملنے پر ایونٹ میں پہلی بار پوائنٹس حاصل ہوئے۔

15 ویں کیلیگن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28 اکتوبر سے کراچی میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے 15 ویں کیلیگن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28 اکتوبر سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں شروع ہوگی۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے تعلیمی اداروں کے عہدیدار اپنی ٹیم کی رجسٹریشن 25 اکتوبر تک واٹس ایپ نمبر 03013318777 پر کروا سکتے ہیں۔ چیمپئن شپ 31 اکتوبر تک جاری رہے گی۔

بیٹر محمد رضوان کے معاملات بہتری کی جانب گامزن ہوگئے

وکٹ کیپر بیٹر کسی محاذ آرائی میں پڑنے سے گریز کرنا چاہتے ہیں اور اپنی کرکٹ پر فوکس کرنے کے خواہشمند ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے سابق کپتان اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کے معاملات بہتری کی جانب گامزن ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق 34 سالہ محمد رضوان نے ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مانگ لی ہے، انہیں معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے سے گریز کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وکٹ کیپر بیٹر کسی محاذ آرائی میں پڑنے سے گریز کرنا چاہتے ہیں اور اپنی کرکٹ پر فوکس کرنے کے خواہشمند ہیں۔ ذرائع کے مطابق بورڈ کی سطح پر سابق کپتان محمد رضوان کی کرکٹ بحال کرنے پر کوششیں کی جارہی ہیں، وکٹ کیپر بیٹر بھی جلد از جلد کرکٹ میدان میں واپسی کے خواہشمند ہیں۔ محمد رضوان کے حوالے سے این سی آئی اے میں انکوائری چل رہی ہے، ذرائع کے مطابق وکٹ کیپر بیٹر اور بورڈ میں معاملات مثبت سطح پر لانے کی کوششیں جاری ہیں۔

بابر اعظم کی ون ڈے ٹیم میں جگہ خطرے میں ہے، شعیب اختر

انہیں اپنی کارکردگی سے ثابت کرنا ہوگا کہ وہ ون ڈے کرکٹ کے لیے موزوں کھلاڑی ہیں، انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے کہا ہے کہ ون ڈے ٹیم میں بابر اعظم کی جگہ پر سوالات اٹھ رہے ہیں اور ٹیم مینجمنٹ انہیں فارمیٹ سے باہر کرنے پر غور کر رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں شعیب اختر نے میزبان سے سوال کیا کہ کیا وہ بابر اعظم کو ون ڈے ٹیم میں منتخب کریں گے؟ انہوں نے کہا کہ ٹیم مینجمنٹ بھی اسی حوالے سے سوچ رہی ہے تاہم شعیب اختر نے واضح کیا کہ وہ کوئی تنازع کھڑا نہیں کرنا چاہتے اور ان کے خیال میں بابر اعظم کو کھیلنا چاہیے، لیکن انہیں اپنی کارکردگی سے ثابت کرنا ہوگا کہ وہ ون ڈے کرکٹ کے لیے موزوں کھلاڑی ہیں۔ شعیب اختر نے 50 اوورز کی کرکٹ میں عاقب جاوید کو درپیش چیلنجز کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ بیٹنگ اور بولنگ دونوں شعبوں میں یہ ذمہ داری نبھانا مشکل ہوگا تاہم انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کا اندازہ غلط ثابت ہو۔ بابر اعظم نے آخری ٹیسٹ سنچری دسمبر 2022 میں نیوزی لینڈ کے خلاف کراچی میں ناٹ آؤٹ 161 رنز بنا کر اسکور کی تھی جبکہ ان کی آخری ون ڈے سنچری نومبر 2025 میں سری لنکا کے خلاف راولپنڈی میں ناٹ آؤٹ 102 رنز تھی جو اس فارمیٹ میں ان کی 20 ویں سنچری تھی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے انگلینڈ اور سری لنکا کے خلاف سہ ملکی ون ڈے سیریز کے لیے بابر اعظم کو اسکواڈ میں شامل کیا ہے۔

راولپنڈی، تماشائیوں کی بڑی تعداد پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پہلے ون ڈے میچ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

اسلام آباد، پاکستان میں اٹلی کے سفیر اسلام آباد پولو کلب گراؤنڈ میں ایچ این پولو ٹیم کو نانگا پربت پولو کپ کی فاتح ٹرافی دے رہے ہیں

تھل ڈیزرٹ جیپ ریلی مائیکرو جیٹ طیارہ فضا میں بلند ہوتے ہی گر کر تباہ

حادثہ جھنگ میں رحمت آباد کے قریب پیش آیا، حادثے میں پائلٹ جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا

جاں بحق پائلٹ قاضی ظفر کا تعلق پشاور سے تھا جو کچھ عرصہ قبل بیرون ملک سے پاکستان آئے تھے

جھنگ (آن لائن) معروف پائلٹ قاضی ظفر تھل ڈیزرٹ جیپ ریلی کے دوران حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق جھنگ میں تھل ڈیزرٹ جیپ ریلی کے دوران پیراگلائیڈنگ کرتے ہوئے مائیکرو جیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ کی لپیٹ میں آگیا اور گر کر تباہ ہوگیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ جھنگ میں رحمت آباد کے قریب پیش آیا، حادثے میں پائلٹ جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا۔ جاں بحق پائلٹ قاضی ظفر کا تعلق پشاور سے تھا جو کچھ عرصہ قبل بیرون ملک سے پاکستان آئے تھے، انکے خاندان کا پہلے بھی ایک پائلٹ بلوچستان میں حادثہ میں جاں بحق ہوا تھا۔

تھل ڈیزرٹ ریلی میں حادثہ، معروف پائلٹ قاضی ظفر جاں بحق

مائیکرو جیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ لگ گئی اور وہ گر کر تباہ ہوگیا

جھنگ (این این آئی) معروف پائلٹ قاضی ظفر تھل ڈیزرٹ جیپ ریلی کے دوران حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق جھنگ میں تھل ڈیزرٹ جیپ ریلی کے دوران پیراگلائیڈنگ کرتے ہوئے مائیکرو جیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ کی لپیٹ میں آگیا اور گر کر تباہ ہوگیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ جھنگ میں رحمت آباد کے قریب پیش آیا، حادثے میں پائلٹ جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا۔ جاں بحق پائلٹ قاضی ظفر کا تعلق پشاور سے تھا جو کچھ عرصہ قبل بیرون ملک سے پاکستان آئے تھے، انکے خاندان کا پہلے بھی ایک پائلٹ بلوچستان میں حادثہ میں جاں بحق ہوا تھا۔

سابق فٹبالر روس کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے ہلاک

سابق فٹبالر کی ہلاکت کی تصدیق ان کے محاذ جنگ سے لاپتا ہونے کے 20 ماہ بعد ہوئی ہے

کیف (این این آئی) یوکرین کی قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کھلاڑی رومن میکسی میوک روس کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے ہلاک ہوگئے۔ ان کی ہلاکت کی تصدیق ان کے محاذ جنگ سے لاپتا ہونے کے 20 ماہ بعد ہوئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق رومن میکسی میوک نے لاپتا ہونے سے قبل 30 جنوری 2025 کو اپنی اہلیہ کو آخری بار فون کیا تھا۔ یہ ان کی زندگی کی آخری فون کال ثابت ہوئی، جس کے بعد ان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ اب ان کی بیٹی داریا کے ڈی این اے نمونے میچ کر جانے کے بعد فوجی کی ہلاکت کی تصدیق ہوگئی ہے۔ وہ روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں شریک تھے۔ رومن نے ماضی میں یوکرین کے مختلف فٹ بال کلبز (جن میں ڈائنامو کیف، دنیپرو، وولن، چورنو مورٹس اور پری کارپتیا شامل ہیں) کی جانب سے بطور مڈفیلڈر نمائندگی کی تھی۔ انہوں نے 1998 سے 2002 کے دوران یوکرین کی قومی ٹیم کی جانب سے پانچ میچ کھیلے جبکہ 2011 میں فٹ بال سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ سن 2022 میں روس کے یوکرین پر حملے کے بعد سابق فٹ بالر نے بھی جنگ میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا اور 25 ویں سچیسلاو ایئر بورن بریگیڈ میں گنر کے طور پر خدمات انجام دینے لگے۔

نیوزی لینڈ کیخلاف ٹیسٹ اور ون ڈے سیریز کے بھارتی اسکواڈز کا اعلان

جسپریت بمراہ اور رشبھ پانت اسکواڈ میں شامل، پانت کی شرکت فٹنس کلیئرنس سے مشروط ہوگی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ نے نیوزی لینڈ کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیے جسپریت بمراہ اور رشبھ پانت کو اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے تاہم پانت کی شرکت فٹنس کلیئرنس سے مشروط ہوگی۔ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ 19 نومبر کو ویلنگٹن میں کھیلا جائے گا۔ جسپریت بمراہ ون ڈے اسکواڈ کا حصہ نہیں ہوں گے تاہم ٹیسٹ سیریز میں بھارتی بولنگ اٹیک کی قیادت کریں گے۔ وہ نومبر 2025 کے بعد سے کوئی ٹیسٹ میچ نہیں کھیلے۔ ٹیم انتظامیہ ان کے ورک لوڈ کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں آئندہ اہم مقابلوں خصوصاً بارڈر گواسکر ٹرافی اور 2027 کے ون ڈے ورلڈ کپ کے لیے فٹ رکھنا چاہتی ہے۔ دوسری جانب رشبھ پانت ایرانی کپ کے دوران سائیڈ اسٹرین کا شکار ہوئے تھے جس کے باعث وہ نیوزی لینڈ اے کے خلاف ابتدائی دو غیر سرکاری ٹیسٹ میچز سے باہر ہوگئے۔ توقع ہے کہ وہ 7 سے 10 نومبر تک لنکن میں تیسرے غیر سرکاری ٹیسٹ میں حصہ لیں گے۔ بھارتی ٹیسٹ اسکواڈ میں آکاش دیپ اور انشول کمبوج کی بھی واپسی ہوئی ہے جبکہ رویندرا جڈیجا، واشنگٹن سندر اور کلدیپ یادیو اسپن بولنگ کے شعبے کو مضبوط بنائیں گے۔ شبمن گل ٹیم کی قیادت کریں گے جبکہ فٹنس مسائل کے باعث بعض کھلاڑیوں کی دستیابی حتمی طبی جانچ سے مشروط رہے گی۔

آف جوہر کپ، پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے دوسرے میچ میں کینیڈا کو 2-6 کے واضح فرق سے شکست دیدی

اسلام آباد (این این آئی) آف جوہر کپ 2026 کے پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے اپنے دوسرے میچ میں فتح کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے کینیڈا کو 6-2 کے واضح فرق سے شکست دے دی۔ میچ کی شروعات سے ہی پاکستانی کھلاڑیوں نے جارحانہ کھیل پیش کیا۔

عالمی ویمنز ٹیم ٹینس چیمپئن شپ 21 سے 24 اکتوبر 2026 تک اسلام آباد میں منعقد ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بلی جین کنگ کپ ایشیا/اوشیانا گروپ تھری کے لیے شریک ٹیموں کی آمد کا سلسلہ تیز ہوگیا، یہ بین الاقوامی ویمنز ٹیم ٹینس چیمپئن شپ 21 سے 24 اکتوبر 2026 تک پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) ٹینس کمپلیکس، گارڈن ایونیو، اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ پاکستان کی ٹینس تاریخ میں پہلی مرتبہ اس معتبر بین الاقوامی خواتین کی ٹیم ٹینس چیمپئن شپ کی میزبانی پاکستان کر رہا ہے۔ مالدیپ اور ایران کے بعد کویت کی قومی ٹینس ٹیم بھی چیمپئن شپ میں شرکت کیلئے اسلام آباد پہنچ گئی ہے، اس ایونٹ میں خطے کے مختلف ممالک کی خواتین ٹینس کھلاڑی بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گی۔

گیری کرسٹن کی مارگلہ ہلز میں ماؤنٹین بائیکنگ، قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) سری لنکا کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور سابق جنوبی افریقی ٹیسٹ کرکٹر گیری کرسٹن نے اسلام آباد کی مارگلہ ہلز میں ماؤنٹین بائیکنگ کے خوب مزے لیے اور قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گیری کرسٹن نے کہا کہ وہ ماؤنٹین بائیکنگ کی اجازت ملنے پر شکر گزار ہیں یہ ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے اور انہیں اس کے ذریعے قدرتی مناظر کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ سری لنکن ہیڈ کوچ نے کہا کہ مارگلہ ہلز انتہائی شاندار ہیں اور یہاں ماؤنٹین بائیکنگ کا تجربہ بہت خوشگوار رہا۔ بائیکنگ کے دوران انہوں نے کئی پہاڑ دیکھے اور علاقے کے خوبصورت لینڈ اسکیپ کو سراہا۔ سابق جنوبی افریقی کرکٹر کے مطابق ماؤنٹین بائیکنگ کے ذریعے کسی بھی ملک کو دیکھنے اور اس کے قدرتی حسن سے لطف اندوز ہونے کا منفرد موقع ملتا ہے، جو ایک اچھا تجربہ ہوتا ہے۔

شائقین کرکٹ کیلئے خوشخبری، آئی ایل ٹی 20 کے ٹکٹوں کی فروخت شروع

34 میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ کا آغاز 21 نومبر سے ہوگا، فائنل 20 دسمبر کو دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

دبئی (این این آئی) ڈی پی ورلڈ انٹرنیشنل لیگ ٹی 20 (آئی ایل ٹی 20) کے پانچویں سیزن کے ٹکٹوں کی فروخت شروع ہوگئی ہے، 34 میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ کا آغاز 21 نومبر سے ہوگا جبکہ فائنل 20 دسمبر کو دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں دفاعی چیمپئن ڈیزرٹ وائپرز کا مقابلہ ایم آئی ایمریٹس سے ہوگا۔ یہ مقابلہ گزشتہ سیزن کے فائنل کا اعادہ ہوگا اور دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ایونٹ کے تمام میچز دبئی، ابوظہبی اور شارجہ میں منعقد ہوں گے، جن میں چھ ٹیمیں حصہ لیں گی۔ دبئی اور شارجہ میں قائم فزیکل باکس آفسز سے ٹکٹوں کی فروخت 14 نومبر سے شروع ہوگی۔ منتظمین نے شائقین کرکٹ اور خاندانوں کی سہولت کے لیے ٹکٹوں کی قیمتیں مناسب رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم، ابوظہبی کے زاید کرکٹ اسٹیڈیم اور شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں بچوں کے ٹکٹ کی قیمت 10 درہم سے شروع ہوگی۔ یہ سہولت فائنل سمیت ٹورنامنٹ کے تمام میچوں کے لیے دستیاب ہوگی۔ پانچ سے 16 سال کی عمر کے بچے رعایتی ٹکٹ حاصل کرسکیں گے جبکہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کو کسی بالغ فرد کے ہمراہ ٹکٹ کے بغیر داخلے کی اجازت ہوگی۔ لیگ اور پلے آف میچوں کے لیے بالغ افراد کے ٹکٹ 20 درہم جبکہ فائنل کے ٹکٹ 30 درہم سے شروع ہوں گے۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں فیملیز کے لیے سکسرز لاؤنج فیملی پاس بھی متعارف کرایا گیا ہے، جس کی قیمت 500 درہم مقرر کی گئی ہے۔ اس پیکیج میں دو بالغ افراد اور دو بچوں کے لیے لیگ یا پلے آف میچ دیکھنے کی سہولت شامل ہے، جبکہ شائقین کو سکسرز لاؤنج کے پریمیم ہاسپیٹیلٹی ایریا اور ویونگ پلیٹ فارم تک رسائی بھی حاصل ہوگی۔ فائنل کے لیے فیملی پاس کی قیمت 650 درہم ہوگی۔ پریمیم سہولیات سے استفادہ کرنے والے شائقین کے لیے ہاسپیٹیلٹی ٹکٹ بھی دستیاب ہوں گے۔ دبئی کے سکسرز لاؤنج اور شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم کے ڈائمنڈ پویلین میں بچوں کے ہاسپیٹیلٹی ٹکٹ 125 درہم جبکہ بالغ افراد کے ٹکٹ 180 درہم سے شروع ہوں گے۔ اس کے علاوہ اسکائی باکسز اور وی آئی پی سوئٹس کے لیے انفرادی نشستوں، نجی باکسز اور پانچ ہوم میچوں پر مشتمل سیزن پیکیجز کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ سیزن 5 میں کئی نامور بین الاقوامی کرکٹرز ایکشن میں دکھائی دیں گے۔ ابوظہبی نائٹ رائیڈرز کی ٹیم میں معین علی، فن ایلن اور عثمان طارق شامل ہیں، جبکہ ڈیزرٹ وائپرز کی نمائندگی بابر اعظم، شمرون ہیٹمائر اور نسیم شاہ کریں گے۔ دبئی کیپیٹلز میں فاف ڈوپلیسی، مارکس اسٹوئنس اور مستفیض الرحمٰن شامل ہوں گے، جبکہ گلف جائنٹس کی ٹیم میں ہینرک کلاسن، لیام لیونگ اسٹون اور ڈیوڈ ملر ایکشن میں دکھائی دیں گے۔

سپینش لالیگا میں بارسلونا کی مسلسل نویں، ریال بیٹس کو 5-2 سے ہرادیا

میڈرڈ (این این آئی) بارسلونا نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے اپنے مسلسل نویں میچ میں ریال بیٹس کو ہرا کر ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم بنالی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بارسلونا کی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف ریال بیٹس کی ٹیم کو 5-2 گول سے ہرا دیا۔ بارسلونا کی جانب سے لامین یامال، روڈری، جبرائیل عیسیٰ، ایرک گارسیا اور دانی اولمو نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ بارسلونا کی لیگ میں مسلسل نویں فتح ہے اور اس کامیابی کے بعد فاتح ٹیم نے قیمتی تین پوائنٹس حاصل کرنے کے ساتھ ٹیبل پر اپنی پہلی پوزیشن مزید مضبوط کرلی ہے۔

راولپنڈی، پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پہلے ون ڈے میچ میں سری لنکن کھلاڑی وکٹ حاصل کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
MEMBER OF APNS

ایران کو جوہری معاہدہ یا تباہ کن جنگ میں سے کسی ایک انتخاب کا جلد کرنا ہوگا، امریکا

امریکی فوجی طاقت مخالف قوتوں کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے، تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے، امریکی وزیر دفاع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران کو اپنے جوہری عزائم یا پھر امریکا کی تباہ کن فوجی کارروائی میں سے کسی ایک کا جلد انتخاب کرنا ہو گا۔ امریکی ریاست ٹینیسی کی ایک یونیورسٹی میں ریزرو آفیسرز ٹریننگ کور کے کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ مذاکرات کے ذریعے اپنے جوہری پروگرام سے متعلق امریکی مطالبات تسلیم کرتا ہے یا فوجی کارروائی کا خطرہ مول لیتا ہے۔ امریکی وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے جبکہ واشنگٹن کو اس کے جوہری عزائم پر بھی تحفظات ہیں۔ ان کے مطابق امریکی فوجی طاقت مخالف قوتوں کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ہیگسیتھ نے ایران پر حزب اللہ اور یمن کے حوثی گروپ کی مالی معاونت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 6 پر)



کوئٹہ: بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی نائب صدر … کے ہمراہ گروپ فوٹو

افغانستان، گاڑیوں میں تصادم سے چار افراد ہلاک، تین زخمی

کابل (این این آئی) افغانستان کے شمالی صوبے قندوز میں دو تیز رفتار گاڑیوں میں تصادم سے چار افراد ہلاک اور تین (بقیہ نمبر 5 صفحہ 6 پر)

وائٹ ہاؤس کی نئی پریس سیکریٹری پانچ ہی روز بعد فارغ

پریس بریفنگ میں کیٹی زکریا کو میڈیا کے تند سوالوں کا سامنا کرنا پڑا تھا، امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس میں نئی مقرر ہونے والی پریس سیکریٹری کیٹی زکریا کو صرف پانچ روز بعد فارغ کر دیا گیا۔ امریکی اخبار کے مطابق حالیہ پریس بریفنگ میں کیٹی زکریا کو میڈیا کے تند سوالوں کا سامنا کرنا پڑا تھا جن سے وہ اچھی طرح نمٹ نہیں پائی تھیں۔ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 6 پر)

جنگ کی صورت میں ہر شہری کو قربانی دینا پڑ سکتی ہے، برطانوی فوجی سربراہ

لندن (این این آئی) برطانوی فوج کے سربراہ جنرل سر رولی واکر نے خبردار کیا ہے کہ دنیا اس وقت شدید سیکیورٹی خطرات سے دوچار ہے اور برطانیہ کو ممکنہ جنگ کے لیے پہلے سے تیاری کرنا ہوگی۔ برطانوی عوام کو جلد ہی حکومت کی جانب سے ملک کو درپیش خطرات اور دفاعی ضروریات کے بارے میں کھل کر بات سننے کو ملے گی۔ جنرل واکر نے شمالی یارکشائر کے کیٹرک گیریژن میں تقریباً 700 فوجیوں سے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 6 پر)

حوثیوں کا عدن ایئرپورٹ اور سعودی کمانڈ سینٹر کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

یمن کے علاقے صعدہ میں بیلسٹک میزائل داغنے والے دو لانچرز کو تباہ کر دیا، ترجمان اتحادی فوج

ریاض/صنعا (این این آئی) یمن کے شہر عدن کے ہوائی اڈے کے قریب دو میزائل گرنے کی اطلاع ہے جبکہ حوثیوں نے حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا ہدف سعودی فوجی کمانڈ سینٹر تھا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق عدن ایئرپورٹ کے قریب زوردار دھماکوں کی آواز سے پورا علاقہ لرز اٹھا تھا جسے وہاں موجود صحافیوں نے محسوس کیا اور بعد ازاں دو میزائل گرنے کی تصدیق بھی کی۔ جس کے بارے میں حوثیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ میزائل حملے میں سعودی کمانڈ سینٹر کو نشانہ بنانے کے لیے داغے گئے جو عدن ایئرپورٹ کے نزدیک واقع ہے اور یہ مرکز سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومت کے زیر انتظام علاقے میں واقع ہے۔ تجزیہ کاروں کا خیال (بقیہ نمبر 2 صفحہ 6 پر)

اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون گرلز انٹر کالج کے دورے کے دوران حاضری رجسٹر چیک کر رہی ہیں

بھارت میں کھانے کے معاملے پر شہزادہ ولیم پریشانی میں مبتلا

لندن (این این آئی) برطانوی شہزادہ ولیم نے اعتراف کیا ہے کہ میں زیادہ مرچ مسالے والا کھانا برداشت نہیں کر سکتا اور تیز مرچ کھانے سے مجھے بہت پسینہ آنے لگتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شہزادہ ولیم جلد بھارت کے شہر ممبئی کا دورہ کریں گے جہاں موسمیاتی تبدیلی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)

حوثی حملوں کے خلاف سعودی عرب کا دفاع کریں گے، مصری صدر کا اعلان

نہر سوئز کو تقریباً 11 ارب ڈالر کی آمدنی کا نقصان ہوا ہے، سعودی قیادت کی درخواست پر دفاعی تعاون کیا جاسکتا ہے تاہم اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی، خطاب

قاہرہ (این این آئی) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ اگر سعودی عرب نے درخواست کی تو مصر حوثی ملیشیا کے حملوں کے خلاف مملکت کے دفاع کے لیے ہر ضروری اقدام کرے گا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق السیسی نے مصری ملٹری اکیڈمی کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کو نقصان پہنچنے یا اس کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہونے کی صورت میں مصر خاموش نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی قیادت کی ہدایت اور درخواست پر دفاعی تعاون کیا جاسکتا ہے، تاہم اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی۔ مصر 2015 میں یمن میں سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد میں شامل ہوا تھا، تاہم اس کا کردار زیادہ تر بحیرہ احمر میں بحری راستوں کے تحفظ تک محدود رہا ہے۔ حوثی حملوں سے مصر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 6 پر)

ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال گورنمنٹ بوائز ہائی سکول استا محمد کا دورہ کر رہے ہیں

یورپ میں طلبہ کے مظاہرے اٹلی تک پھیل گئے، پولیس اور مظاہرین کی جھڑپیں

نقاب پوش مظاہرین کا سکولوں کی بگڑتی صورتحال اور زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے خلاف احتجاج

روم (این این آئی) یورپ میں طلبہ کے احتجاجی مظاہرے پھیل کر اٹلی تک پہنچ گئے جہاں اطالوی شہروں میں پولیس اور نقاب پوش مظاہرین کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شر پسند عناصر نے ملک بھر کے مختلف شہروں میں سکولوں کی بگڑتی صورتحال اور زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے خلاف احتجاجاً پولیس اہلکاروں پر پیٹرول بم، پٹاخے اور خالی بوتلیں پھینکیں۔ نقاب پوش طلبہ کو اینٹی رائٹ فورسز کے خلاف آگ بجھانے والے سلنڈر استعمال کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ اس موقع پر اردگرد کا ہجوم نعرے بازی اور حوصلہ افزائی کرتا رہا۔ یہ ملک گیر احتجاجی مظاہرے اسی نوعیت کے ہیں جیسا کہ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران فرانس اور بیلجیئم (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

حوثی محاصرے سے تعز انسانی المیے کے دہانے پر ہے، انسانی حقوق تنظیم

ناکہ بندی سے لگ بھگ ایک لاکھ 40 ہزار بے گھر افراد شدید متاثر ہو رہے ہیں، رپورٹ

صنعا (این این آئی) یمن کی ایک انسانی حقوق تنظیم نے کہا ہے کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے تعز شہر پر عائد کردہ محاصرے کے تسلسل اور خوراک، ایندھن، ادویات اور پانی کی ترسیل روکنے کے نتیجے میں شہر کو ایک قریب الوقوع انسانی المیے کے خطرے کا سامنا ہے۔ تنظیم نے اقوام متحدہ اور بین الاقوامی برادری سے راستے کھلوانے اور امداد کی رسائی یقینی بنانے کے لیے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے۔ حقوق اور آزادیوں کی نگرانی کرنے والی تنظیم "رصد" نے 16 اکتوبر کو منائے جانے والے عالمگیر یوم خوراک کے موقع پر جاری کردہ اپنے ایک بیان میں مزید کہا کہ مسلسل محاصرہ غذائی غیر یقینی صورتحال کو شدید تر کر رہا اور تعز گورنری میں لاکھوں رہائشیوں اور بے گھر افراد کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

بھاگا گاڑی کھائی میں گرنے سے 8 افراد ہلاک

حادثہ راجستھان کے علاقے کوٹا میں دہلی ممبئی ایکسپریس وے پر پیش آیا، 12 زخمی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی مغربی ریاست راجستھان کے علاقے کوٹا میں دہلی ممبئی ایکسپریس وے پر پیش آیا۔ پولیس کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والے افراد کا تعلق وسطی ریاست مدھیہ پردیش سے تھا اور وہ ریاست کے ضلع سیکر میں واقع ایک مندر میں پوجا کرنے جا رہے تھے۔ پولیس کے مطابق بظاہر ڈرائیور کو نیند آ گئی تھی، جس کے باعث گاڑی بے قابو ہو کر سڑک سے اتر گئی اور کنارے پر واقع 15 فٹ گہری … گاڑی سڑک سے اتر کر کھائی میں گرنے سے 8 افراد ہلاک اور ایک درجن کے قریب زخمی ہو گئے۔ مقامی پولیس نے بتایا کہ حادثہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 6 پر)

اسرائیل نے حوثیوں سے متعلق انٹیلی جنس امریکا کے ذریعے سعودی عرب کے ساتھ شیئر کر دیں

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے یمن میں حوثی جنگجوؤں سے متعلق انٹیلی جنس امریکا کے ذریعے سعودی عرب کے ساتھ شیئر کرنا شروع کر دی ہیں۔ اسرائیلی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کے ذریعے سعودی عرب (بقیہ نمبر 10 صفحہ 6 پر)

برطانوی فوج کے سربراہ نے جنگ کے خطرات کے حوالے سے انتباہ جاری کر دیا

ہر شہری سے قربانی دینے اور ملک کے دفاع کیلئے کردار ادا کرنے کی توقع کی جائے گی، خطاب

لندن (این این آئی) برطانوی فوج کے سربراہ جنرل سر رولی واکر نے جنگ کے خطرات کے حوالے سے انتباہ جاری کر دیا۔ شمالی یارکشائر میں فوجیوں سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ برطانوی عوام کو جنگ کے لیے تیار رہنے کے حوالے سے سیاسی قیادت کو عوام کے ساتھ کھل کر بات کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری سے قربانی دینے اور ملک کے دفاع کیلئے کردار ادا کرنے کی توقع کی جائے گی۔ جنرل سر رولی واکر نے فوجیوں سے کہا کہ آپ کو اس بات کا علم نہیں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 6 پر)

مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاروں کا امریکی خاتون صحافی پر تشدد، واشنگٹن کی شدید مذمت

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار کے لیے کام کرنے والی ایک امریکی خاتون صحافی کو اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے اس وقت حملے کا نشانہ بنایا گیا جب وہ مقبوضہ مغربی کنارے میں زیتون کی … (بقیہ نمبر 12 صفحہ 6 پر)

نیتن یاہو جھوٹا ہے، اسکے ہاتھوں پر فلسطینی بچوں کا خون ہے، امریکی رکن کانگریس

ہمیں اسرائیل کی ایسی امداد بند کر دینی چاہیے جو آبادکاروں کی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہوتی ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی رکن کانگریس روکھنہ نے کہا ہے کہ مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاروں کو کھلی چھوٹ حاصل ہے۔ امریکی … فلسطینی بچوں کا خون ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری کردہ … (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

جاپانی وزیر خارجہ کا سعودی ہم منصب کو فون، حوثی حملوں کی شدید مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کو جاپان کے وزیر خارجہ توشیمیتسو موتیگی کی جانب سے ایک ٹیلی فون کال موصول ہوئی جس میں توشیمیتسو موتیگی نے مملکت پر دہشت … (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے باہر مودی حکومت کیخلاف احتجاج

مظاہرین کا انتخابی فہرستوں پر نظرثانی کے خصوصی عمل کو ختم کرنے کا مطالبہ

(بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

دہلی احتجاج، سی جے پی کے بانی رہنما ابھیجیت دیپکے گرفتار، طلبہ رہنما نیہا بورا رہا

پولیس نے ابھیجیت دیپکے کے خلاف شہری تحفظ قانون کی دفعات کے تحت کارروائی کی، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی پولیس نے احتجاجی مارچ سے قبل کاکروچ جنتا پارٹی کے بانی ابھیجیت دیپکے کو امن و امان کی ممکنہ خلاف ورزی کے پیش نظر … دیپکے کے خلاف بھارتی شہری تحفظ قانون کی دفعات کے تحت کارروائی کی، انہیں بعد ازاں خصوصی انتظامی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا جائے … (بقیہ نمبر 11 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل تمام اداروں کو بہترین امیدوار کا سامنا …

امریکہ ہمیشہ سے یہی کہتا آیا ہے کہ وہ بہترین امیدوار چاہتا ہے، امریکی سفیر کا ردعمل

نیویارک … جنرل … کونسل … جانب … (بقیہ نمبر 13 صفحہ 6 پر)

مودی سرکار کے زیر اثر مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی مذہبی آزادی پر ایک اور وار …

نئی دہلی (این این آئی) ہندو انتہا پسند مودی حکومت کے زیر اثر مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی مذہبی آزادی پر ایک اور وار سامنے آ گیا۔ بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر میں نماز جمعہ کے خطبات کے لیے مشترکہ موضوعات کی تجویز پر وقف بورڈ کو شدید تنقید کا سامنا ہے۔ وزیر اعلیٰ مقبوضہ کشمیر عمر عبداللہ نے ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ بی جے پی کی مسلمانوں کے مذہبی معاملات میں مداخلت ناقابل قبول اور اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ہندوستان گزٹ کے مطابق متحدہ مجلس علما نے بھی اقدام کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر کے مسلمان (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

خلیجی ملک پر حملوں کا ایرانی فیصلہ غلط تخمینوں پر مبنی تھا، قطر …

خطے کے لیے ایک نئے سیکورٹی نظام کی ضرورت ہے، ترجمان وزارت خارجہ

…، قطری … ترجمان … کرنے … مبنی قرار … دیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کا کوئی جواز نہیں پیش کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کے ساتھ کسی بھی معاہدے کو تمام فریقوں کے خدشات (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

سابق وزیر حاجی عبدالواحد صدیقی، ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری و دیگر ملک عیسیٰ ملازئی کی والدہ اور قبائلی رہنما ملک اسد خان ملازئی کی اہلیہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چین کا سکیورٹی خدشات پر واخان کوریڈور کھولنے سے انکار، طالبان رجیم کو بڑا جھٹکا

طالبان رجیم میں افغان سرزمین سے دہشتگردی کے خطرات نے ہمسایہ ممالک کی سلامتی کو متاثر کیا ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین نے سکیورٹی خدشات کے باعث واخان کوریڈور کو کھولنے سے انکار کر دیا ہے، جس سے طالبان رجیم کو بڑا دھچکا پہنچا ہے۔ ناجائز طالبان رجیم میں افغان سرزمین سے دہشتگردی کے خطرات نے ہمسایہ ممالک کی سلامتی کو متاثر کیا ہے۔ افغان جریدے کے مطابق چین نے سکیورٹی خدشات دور ہونے تک افغانستان کے ساتھ سرحد کھولنے سے انکار کر دیا ہے۔ افغان جریدے کے مطابق چین نے واخان روڈ کی افتتاحی تقریب میں شرکت نہیں کی اور نہ ہی اسے سفارتی سطح پر باضابطہ طور پر تسلیم کیا۔ چین کو سرحدی سکیورٹی پر تشویش ہے اور وہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 6 پر)

اسرائیلی وزیر دفاع، آرمی چیف اور اعلیٰ حکام کو تحقیقات کا سامنا کرنا ہوگا، اٹلی

روم (این این آئی) اٹلی کے پراسیکیوٹرز نے اعلان کیا ہے کہ غزہ کے لیے سمندری راستے سے روانہ ہونے والے فلوٹیلا کے مسافروں کے ساتھ کیے گئے سلوک پر اسرائیلی وزیر دفاع کاٹز کے علاوہ اسرائیل کے اعلیٰ فوجی و پولیس اور جیل حکام کو اٹلی آ کر تحقیقات کا سامنا کرنا ہوگا۔ یہ تحقیقات اسرائیل کے انتہا پسند وزیر بین (بقیہ نمبر 29 صفحہ 6 پر)

ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال طلباء سے تعلیمی سہولیات کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

امریکہ، ماں نے پانچ سالہ بیٹی کو قتل کر کے خود ہی پولیس بلا لی

پولیس گھر پر پہنچی تو بچی بے ہوش تھی، اسپتال منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہو سکی، ملزمہ گرفتار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں کوئنز کی رہائشی ایک ماں اپنی 5 سالہ بیٹی کے قتل کے الزام میں عدالت میں پیش ہوئی۔ خاتون فرانس کا بیلو پر اپنی بیٹی فابیانا کا بیلو کے قتل کے حوالے سے سیکنڈ ڈگری مرڈر کا الزام ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق کا بیلو نے 911 پر کال کی اور اپنی بیٹی کو قتل کرنے کی اطلاع دی، جب افسران رچمنڈ ہل میں واقع گھر پہنچے تو انہوں نے 5 سالہ فابیانا کو بے ہوش پایا۔ اسے ہسپتال لے جایا گیا، جہاں وہ بعد میں دم توڑ گئی۔ شہر کے طبی معائنہ کار نے لڑکی کے چہرے پر خراشیں اور اس کی آنکھوں، دل اور پھیپھڑوں میں خون کے چھوٹے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ نے زیلنسکی کو توانائی کی بڑھتی قیمتوں کا ذمہ دار ٹھہرا دیا، یوکرین میں انتخابات کا مطالبہ

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ نے زیلنسکی کو توانائی کی بڑھتی قیمتوں کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے یوکرین میں انتخابات کا مطالبہ کر دیا ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ روسی آئل ریفائنریوں اور (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

مودی سرکار کا کریک ڈاؤن، امریکی قانون ساز کاکروچ جنتا پارٹی کیلیے متحرک

طلبہ مظاہرین کے خلاف ریاستی طاقت کے استعمال پر تشویش ہے، وزیر خارجہ مارکو روبیو کو خط

واشنگٹن (این این آئی) امریکی قانون سازوں نے وزیر خارجہ مارکو روبیو سے کاکروچ جنتا پارٹی کے ساتھ بھارتی حکومت کے ناروا سلوک کا معاملہ اٹھانے کا مطالبہ کر دیا ہے، چھ امریکی ڈیموکریٹ قانون سازوں نے وزیر خارجہ مارکو روبیو سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے آئندہ دورۂ بھارت کے دوران بھارتی حکام کے سامنے کاکروچ جنتا پارٹی سے وابستہ احتجاجی مظاہرین کے ساتھ مبینہ سخت حکومتی رویے کا معاملہ اٹھائیں۔ قانون سازوں میں پرمیلا جے پال، الہان عمر، جم میک گورن، راشدہ طلیب، ایلینور ہومز نورٹن اور جیسس گارشیا شامل ہیں۔ انہوں نے روبیو کو خط میں طلبہ مظاہرین کے خلاف ریاستی طاقت کے استعمال، گرفتاریوں اور نگرانی پر تشویش کا (بقیہ نمبر 25 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، اہلیان لاشار آباد، توحید آباد، مرشد آباد، عصمت آباد قمبرانی روڈ کی خواتین زرجان بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کر رہی ہیں

اقوام متحدہ کا حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے عالمی اقدامات تیز کرنے پر زور

ییریوان (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے عالمی سطح پر فوری اور مؤثر اقدامات تیز کرنے پر زور دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ قدرتی ماحول اور انواع کے تحفظ کی کوششیں طے شدہ عالمی اہداف سے بہت پیچھے ہیں۔ آرمینیا کے دارالحکومت ییریوان میں عالمی رہنماؤں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ممالک پر زور دیا کہ وہ حیاتیاتی تنوع کے کنونشن (بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

ایران کے خلاف جنگ سے یورپی شہریوں پر 100 ارب یورو کا بوجھ پڑا، ہسپانوی وزیر اعظم

جنگ کی مخالفت کرنے والے یورپی رہنما درست تھے اور انہوں نے جنگ کو نہ کہہ کر صحیح فیصلہ کیا تھا، بیان

برسلز (این این آئی) سپین نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ اب تک یورپی شہریوں کو 100 ارب یورو سے زیادہ کا نقصان پہنچا چکی ہے اور اس کے معاشی اثرات عام لوگوں پر بھاری پڑ رہے ہیں۔ برطانوی ٹی وی کے مطابق سپین کے وزیر اعظم پیڈرو سانچیز ایکس پر ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ جنگ کی مخالفت کرنے والے یورپی رہنما درست تھے اور انہوں نے جنگ کو نہ کہہ کر صحیح فیصلہ کیا تھا۔ ان کے بقول، انہیں معلوم تھا کہ بالآخر اس جنگ کی قیمت عام لوگوں کو چکانا پڑے گی۔ انہوں نے برسلز میں یورپی کونسل کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس میں کہا کہ جنگ کی مخالفت کرنے والوں کا موقف درست ثابت ہوا ہے۔ ان کے مطابق اس کی تصدیق نہ صرف (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

جرمن چانسلر کا یورپی یونین کے آئندہ طویل مدتی بجٹ میں اخراجات کم کرنے پر زور

محدود مالی وسائل کو دفاع اور مسابقت کے فروغ پر مرکوز کیا جانا چاہیے، فریڈرک مرز کا خطاب

برلن (این این آئی) جرمن چانسلر فریڈرک مرز نے یورپی یونین کے آئندہ طویل مدتی بجٹ کے حوالے سے مذاکرات میں مالیاتی احتیاط اختیار کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ محدود مالی وسائل کو دفاع اور مسابقت کے فروغ پر مرکوز کیا جانا چاہیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برسلز میں یورپی یونین کے دو روزہ سربراہی اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ان تجاویز کی مخالفت کی جن کے تحت 2028 کے بعد کے کثیر سالہ مالیاتی فریم ورک (ایم ایف ایف) میں تقریباً 50 فیصد اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں اتنا بڑا اضافہ مالی طور پر قابل عمل نہیں، اس لیے یورپی کمیشن کی تجاویز کے مقابلے میں اخراجات میں نمایاں کمی کی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 6 پر)

شمالی کوریا کا تیز رفتار تارپیڈو کا زیرِ آب تجرباتی تجربہ

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نیز زیرِ آب نئی قسم کے تیز رفتار، درست نشانہ لگانے والے تارپیڈو ہتھیاروں کے نظام کا کامیاب تجرباتی تجربہ کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شمالی کوریا کی اکیڈمی آف ڈیفنس سائنس، میزائل انتظامیہ اور تارپیڈو ہتھیاروں کے تحقیقی بیورو (بقیہ نمبر 15 صفحہ 6 پر)

خطے میں امن کے لیے تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ ضروری ہے، ایرانی نائب وزیر خارجہ

کسی بھی محاذ پر لڑائی جاری رہنے کا مطلب ہے کہ جنگ پورے خطے میں جاری ہے، سعید خطیب زادہ کا انٹرویو

تہران (این این آئی) ایران کے نائب وزیر خارجہ سعید خطیب زادہ نے کہا ہے کہ خطے میں امن کے لیے تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ ضروری ہے۔ لبنانی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی بھی محاذ پر لڑائی جاری رہنے کا مطلب ہے کہ جنگ پورے خطے میں جاری ہے۔ سعید خطیب زادہ نے کہا کہ ایران نے یمن میں ثالثی کی پیشکش کی، لیکن کوئی مثبت جواب موصول نہیں ہوا، ایران لبنان پر اسرائیلی حملے ختم کرانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل نے ایران اور لبنان پر حملوں کے ذریعے اسلام آباد مفاہمت کی خلاف ورزی کی، اسرائیل پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا کہ وہ اپنے وعدوں پر عمل کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران اپنی خود مختاری (بقیہ نمبر 16 صفحہ 6 پر)

افغانستان میں شدید غذائی قلت اور بھوک اب تک کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

نیویارک (این این آئی) افغانستان میں شدید غذائی قلت اور بھوک اب تک کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، 15.9 ملین افراد کو خوراک کے شدید عدم تحفظ کا سامنا ہے اور آنے والے مہینوں میں حالات مزید خراب ہونے والے ہیں۔ اس صورتحال میں اقوام متحدہ کے امدادی اداروں کے سربراہان نے بحران کو روکنے کے لیے ہنگامی امداد کا مطالبہ کیا ہے۔ انٹیگریٹڈ فوڈ سکیورٹی فیز کلاسیفکیشن (آئی پی سی) کے مطابق اگست (بقیہ نمبر 18 صفحہ 6 پر)

کولمبیا کا مقبوضہ بیت المقدس میں سفارت خانہ کھولنے پر 17 مسلم ممالک کی مذمت

تاریخی حیثیت کو تبدیل کرنے کی کوئی بھی کوشش بین الاقوامی قانون کے تحت کالعدم اور غیر قانونی ہے، مشترکہ بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور 18 دیگر عرب و مسلم ممالک نے بیت المقدس میں کولمبیا کے سفارت خانہ کھولنے کی شدید مذمت کی اور اس بات سے خبردار کیا کہ یہ اقدام اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی ہے اور اس سے دو ریاستی حل کی بنیاد پر پائیدار امن کے لیے ہونے والی بین الاقوامی کوششوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ سعودی میڈیا کے جاری کردہ ایک مشترکہ بیان میں وزرا خارجہ نے کولمبیا کے فیصلے کو یکسر مسترد کر دیا۔ انہوں نے زور دیا کہ مقبوضہ بیت المقدس کی قانونی یا تاریخی حیثیت کو تبدیل کرنے کی کوئی بھی کوشش بین الاقوامی قانون کے تحت کالعدم اور غیر قانونی ہے۔ یہ بیان سعودی عرب، فلسطین، اردن، انڈونیشیا، ترکیہ، الجزائر، جبوتی، سوڈان، شام، صومالیہ، عمان، قطر، کویت، لبنان، لیبیا، ملائیشیا، مصر اور یمن کے وزرا خارجہ نے جاری کیا۔ وزرا نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ مقبوضہ بیت المقدس کی قانونی یا تاریخی حیثیت کو تبدیل یا اسے اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کرنے کی کوئی بھی کارروائی یا فیصلہ کالعدم ہے اور اس (بقیہ نمبر 20 صفحہ 6 پر)

جنگ کی صورت میں ہر شہری کو قربانی دینا پڑ سکتی ہے، برطانوی فوجی سربراہ

ایک وقت تھا جب برطانیہ جنگ کے امکان کے بارے میں سوچنا بھی نہیں چاہتا تھا

لندن (این این آئی) برطانوی فوج کے سربراہ جنرل سر رولی واکر نے خبردار کیا ہے کہ دنیا اس وقت شدید سکیورٹی خطرات سے دوچار ہے اور برطانیہ کو ممکنہ جنگ کے لیے پہلے سے تیاری کرنا ہوگی۔ فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ برطانوی عوام کو جلد ہی حکومت کی جانب سے ملک کو درپیش خطرات اور دفاعی ضروریات کے بارے میں کھل کر بات سننے کو ملے گی۔ جنرل واکر نے شمالی یارکشائر کے کیٹرک گیریژن میں تقریباً 700 فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک وقت تھا جب برطانیہ جنگ کے امکان کے بارے میں سوچنا بھی نہیں چاہتا تھا، لیکن اب عالمی حالات میں انتہائی خطرہ موجود ہے اور فوجی تیاری دوبارہ قومی ترجیحات کا حصہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 6 پر)

قطر کا لبنان میں توانائی بحران پر قابو پانے کیلیے سولر پاور پلانٹ کے بڑے منصوبے کا اعلان

بیروت (این این آئی) قطر نے لبنان میں توانائی کے بحران پر قابو پانے میں مدد کے لیے بڑے پیمانے پر شمسی توانائی کا منصوبہ قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ قطری وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جاسم آل ثانی نے بیروت میں لبنانی ہم منصب نواف سلام سے ملاقات کے بعد کہا کہ دونوں ممالک توانائی کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 6 پر)

مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینی کسانوں پر اسرائیلی آبادکاروں کا حملہ

غزہ (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے میں زیتون کی فصل کاٹنے والے فلسطینی کسانوں پر اسرائیلی آبادکاروں نے پتھراؤ کیا اور درجنوں درختوں کو آگ لگا دی۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق حملے کے دوران امریکی اخبار کی خاتون فوٹوگرافر کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ تشدد کا نشانہ بننے والی خاتون فوٹوگرافر کو اسپتال منتقل کرنا پڑا۔ دوسری جانب (بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک فلسطینی شہید، متعدد زخمی

خان یونس کے جنوب میں واقع علاقوں میں اسرائیلی فوجی گاڑیوں نے بھی شدید گولہ باری کی، ذرائع

غزہ (این این آئی) ہفتے کے روز غزہ شہر میں شہریوں کے ایک اجتماع پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق غزہ شہر کے شمال مشرق میں واقع طفح محلے میں ایک اسرائیلی ڈرون کے حملے میں ایک نامعلوم نوجوان شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ خان یونس کے جنوب میں واقع علاقوں میں اسرائیلی فوجی گاڑیوں نے بھی شدید گولہ باری کی، جب کہ مشرقی غزہ شہر میں توپ خانے سے گولہ باری کی اطلاع ملی۔ تازہ ترین حملے غزہ کی پٹی میں 10 اکتوبر 2025 سے جاری جنگ بندی معاہدے کی اسرائیلی خلاف ورزیوں کے درمیان ہوئے۔ طبی ذرائع کے مطابق غزہ کی پٹی پر اسرائیلی فضائی حملوں میں چار فلسطینی شہید اور متعدد زخمی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، آفاق کوئٹہ کے زیر اہتمام (Brain Battle) ٹیسٹ کے موقع پر مختلف سکولوں کے طلباء و طالبات کے اپنی انٹری کروا رہے ہیں

روزنامہ
عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
پیر 19 اکتوبر 2026ء

سرکاری وسائل کا بہتر استعمال

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے کے محدود وسائل کو بہتر انتظام اور ترجیحات کے تحت عوامی فلاح کے لئے استعمال کیا جائے گا، غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پا کر دستیاب وسائل کو عوام کی بنیادی ضروریات اور فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے گا، ہم نے بلوچستان کے اس عام آدمی کے لئے کام کرنا ہے جو سردی میں ٹھٹھرتا اور گرمی میں جھلستا ہے، حکومت کی تمام پالیسیوں اور اقدامات کا محور شہریوں کا تحفظ سہولت اور معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے، اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ عام آدمی کے مسائل میں اضافہ ہوا ہے، بے روزگاری غربت اور مہنگائی سے عوام سخت پریشان ہیں، دوسری جانب حکومت کے وسائل کا غیر ترقیاتی استعمال بڑھتا جا رہا ہے، نوجوان چاہتے ہیں کہ انھیں سرکاری ملازمتیں فراہم کی جائیں، لیکن حکومت وسائل نہ ہونے کا جواز بنا کر بہت کم اسامیاں بجٹ میں رکھ رہی ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ وسائل عوامی فلاح و بہبود کے لئے استعمال کئے جائیں خاص طور پر صاف پانی کی فراہمی کے لئے بجٹ میں زیادہ فنڈز مختص کئے جائیں۔

تجاوزات کے خلاف مہم

ضلعی انتظامیہ اور میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی تجاوزات کے خلاف مہم جاری ہے، ہم مہم کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں کہ ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لئے تجاوزات کا خاتمہ کرنے کیلئے کارروائیاں تیز کی جائیں۔

ایران بلوچستان میں "گریٹ گیم" کی پاکستان میں تپش

تحریر۔ نصرت جاوید

عرب کے آسمان پر موت کا رقص!

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

معاشی خود مختاری، ٹیکس اصلاحات، آئی ٹی ترقی اور چھوٹے کاروباروں کا فروغ

تحریر محمود خان

سیاست کے انداز بدلے گئے

تحریر نسیم شاہد

برف میں چھپے کائنات کے راز

تحریر۔ خالد ارشاد صوفی

ایک اور دہائی کا زیاں

تحریر۔ حامد ولید

سیاست میں نعرے بازی، جذباتی بیانیے اور عوام کو وقتی طور پر جوش دلانا تواتر کے ساتھ سیاستدانوں کا ہتھیار رہا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی ملک میں سیاسی و معاشی بحران گہرے ہوتے ہیں، کوئی نہ کوئی نیا نعرہ یا مفروضہ فضا پر چھا جاتا ہے۔ ایک وقت تھا جب مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی طرف سے "ووٹ کو عزت دو" کا بیانیہ سیاست کے مرکز میں تھا، جس کے گرد طویل بحثیں، جلسے جلوس اور سیاسی محاذ آرائیاں گھومتی رہیں۔ وقت کا پہیہ گھوما، کردار بدلے، اور آج تقریباً وہی تکنیک اور ڈھنگ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی طرف سے اپنایا جا رہا ہے، مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس طویل اور تھکا دینے والی کشمکش نے اس ملک اور اس کے عوام کو کیا دیا؟ جواب تلخ ہے، مگر حقیقت پر مبنی: صرف اور صرف ضائع شدہ وقت اور گہرے معاشی زخم۔

سال 2014ء سے لے کر آج تک کا عرصہ ملکی تاریخ کا وہ باب ہے جس میں مسلسل سیاسی دھرنوں، انتشار، روڈ بلاکس اور دنگا فساد نے ریاست کو شدید کمزور کیا۔ یہ وہ دور تھا جب جھوٹے اور مصنوعی بیانیوں کو اس ہنر کے ساتھ بیچا گیا، ایک ایسی مقبولیت کا واویلا مچایا گیا جس کا زمینی حقائق سے دور کا بھی واسطہ نہیں تھا۔ پرنٹ، الیکٹرانک اور بالخصوص سوشل میڈیا کے اس دور میں جھوٹ کو اتنی بار اور اتنے اعتماد سے بولا گیا کہ ایک لمحے کے لئے عام آدمی بھی یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ شاید واقعی تبدیلی کی کوئی ایسی سونامی آچکی ہے جو روایتی سیاست کو ملیا میٹ کر دے گی۔

پراپیگنڈا یہ کیا گیا کہ عمران خان اس قدر مقبول ہو چکے ہیں کہ وہ جیل کے اندر بیٹھ کر بھی پوری ریاست کو کنٹرول کر لیں گے اور ان کا ایک اشارہ پورے ملک کو مفلوج کر دے گا، لیکن حقائق نے اس طلسم کو بڑی بے دردی سے توڑا۔ اڈیالہ جیل کے باہر، جہاں بظاہر لاکھوں کارکنوں کے امڈ آنے کے دعوے کیے جاتے رہے، کبھی ڈھنگ کا ایک ایسا اجتماع بھی دیکھنے کو نہیں ملا جو اس مبینہ مقبولیت کا سچا ثبوت فراہم کر سکتا۔ چند سو افراد کی طفل مکانی اور سوشل میڈیا کے سکرین شاٹس کو حقیقی عوام کی طاقت بنا کر پیش کیا جاتا رہا۔

اس جھوٹے اور مصنوعی بیانیے کی اصلیت اس وقت مزید عیاں ہو گئی جب خیبر پختونخوا کے محاذ پر آزمائش کا وقت آیا۔ اس دعوے کے ساتھ کہ "پورا خیبر پختونخوا تحریک بن جائے گا" اور ہر گلی کوچے سے لوگ سڑکوں پر نکل آئیں گے، عوام کو ایک بار پھر فریب میں مبتلا کرنے کی کوشش کی گئی۔ حقیقت اس کے بالکل برعکس نکلی۔

جب صوبے میں ایمرجنسی جیسے حالات یا سخت حفاظتی انتظامات کا سامنا کرنا پڑا تو وہ طوفان جو سوشل میڈیا کی دنیا میں اٹھائے جا رہے تھے، حقیقت کی دھوپ میں موم کی طرح پگھل گئے۔ سہیل آفریدی کی گرفتاری کو اڑتالیس گھنٹے سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود نہ تو ان کے اپنے گھر والے سڑکوں پر نکلے اور نہ ہی خیبر پختونخوا کے طول و عرض میں کوئی ایسا عوامی تردد یا احتجاج نظر آیا جو اس دعوے کی تائید کرتا کہ عوام اس قیادت کے لئے جان دینے کو تیار ہیں۔ یہ اس بات کا صریح ثبوت ہے کہ پی ٹی آئی کبھی بھی عوام کے دلوں کی دھڑکن بننے والی ایک حقیقی سیاسی جماعت نہیں رہی اور نہ ہی عام آدمی نے کبھی عمران خان کو اپنے روٹی، کپڑا، مکان، مہنگائی اور بے روزگاری جیسے بنیادی سیاسی و معاشی مسائل کا سنجیدہ نجات دہندہ سمجھا۔

اگر اس تمام تر صورتحال کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ یہ سارا تماشا دراصل چند ریاستی کرداروں کی ذاتی اور انفرادی تمناؤں کا شاخسانہ تھا۔ جس طرح 1990ء کی دہائی کو سیاسی جوڑ توڑ اور تجربات کی نذر کر کے ملک کو پسماندگی کی طرف دھکیلا گیا تھا، بالکل اسی طرح 2014ء سے 2024ء تک کی پوری ایک دہائی کو ایک جرنیل، یعنی سابقہ ڈی جی آئی ایس آئی جنرل فیض حمید کی اس "معصوم سی خواہش" کی بھینٹ چڑھا دیا گیا کہ وہ کسی نہ کسی طرح اپنے منظور نظر کو اقتدار کی بلندیوں پر دیکھنا چاہتے تھے۔

اس ایک شخص کی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پوری اسٹیبلشمنٹ کو اس کام پر لگا دیا گیا کہ دن رات ایک کر کے عمران خان کو ناقابلِ تسخیر اور مقبول ترین لیڈر ثابت کیا جائے۔ ٹی وی کیمروں کے اینگل اس طرح سیٹ کیے جاتے تھے کہ جلسوں کے خالی میدان بھرے ہوئے دکھائی دیں۔ قومی وسائل کو اس جھوٹے پراپیگنڈے کی ترویج میں جھونک دیا گیا کہ ایک نیا مسیحا آ رہا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اس دس سالہ تجربے نے پاکستان کی معیشت کو آئی سی یو میں پہنچا دیا، جمہوریت کو زک پہنچی، اور اداروں کے مابین اعتماد کا رشتہ کمزور تر ہو گیا۔

اب وقت آگیا ہے کہ پاکستانی قوم بالخصوص نوجوان نسل اپنی آنکھیں کھولے۔ جھوٹے پراپیگنڈوں، ڈیجیٹل ہرزہ سرائیوں اور فکری انتشار سے مرعوب ہو کر مزید وقت ضائع کرنے کا اب کوئی جواز باقی نہیں بچا۔ سیاسی اور معاشی مسائل کا حل جذباتی نعروں یا سوشل میڈیا کے رجحانات میں نہیں، بلکہ سنجیدہ، پائیدار اور نظریاتی سیاست میں پوشیدہ ہے۔ ہمیں ان سنجیدہ سیاسی جماعتوں کی طرف دیکھنا ہو گا جو اداروں کی آئینی حدود میں رہتے ہوئے جمہوریت کی بحالی، قانون کی بالادستی اور معیشت کی درست سمت کے لئے سنجیدہ جدوجہد کر رہی ہیں۔ شور شرابے اور فساد کی سیاست نے اس ملک کو سوائے بحرانوں کے کچھ نہیں دیا۔ اگر ہم نے اب بھی سبق نہ سیکھا اور حقائق کا سامنا کرنے سے گریز کیا، تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ذاتی انا، مصنوعی مقبولیت کے غبار اور اداروں کی مداخلت کے باب کو ہمیشہ کے لئے بند کر کے صرف اور صرف آئین، قانون اور جمہوریت کی بالادستی کو مقدم رکھا جائے۔

☆☆☆☆

مختلف اکیڈمیوں کے رہنما نصیب اللہ احساس، بہتان عمر، ڈاکٹر سوسن، ڈاکٹر رحمت اللہ نیازی، احمد علی بیگ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

دستاویزات اور ریکارڈ کو باقاعدہ ترتیب دیا جائے، رحمت اللہ شاہ

متعلقہ محکموں کے ساتھ رابطہ کاری اور نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا

جھل مگسی (خ ن) گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی زیرِ صدارت ضلع جھل مگسی کے محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز کے ساتھ کلسٹر بجٹ کی تقسیم، مالیاتی ریکارڈ کی جانچ و پڑتال اور تعلیمی اداروں کو فراہم کردہ فنڈز کے استعمال سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی قرت العین مگسی صاحبہ، و دیگر ضلع کے کلسٹر ہیڈز نے شرکت کیں۔ اجلاس کا مقصد تعلیمی اداروں کے لیے مختص بجٹ کی تقسیم کے طریقہ کار، مالیاتی معاملات میں شفافیت اور ریکارڈ کی درستگی کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز سے متعلقہ مالیاتی ریکارڈ، بجٹ کی تقسیم اور اخراجات کی تفصیلات کے حوالے سے امور زیرِ غور آئے۔ اس موقع پر اس امر کی اہمیت اجاگر کی گئی کہ تعلیمی اداروں کے لیے مختص فنڈز کو مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق استعمال کیا جائے اور مالیاتی معاملات میں شفافیت، جواب دہی اور باقاعدہ ریکارڈ کی تیاری کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ محکمہ تعلیم کے تحت کلسٹر بجٹ کی تقسیم اور استعمال کے تمام مراحل میں قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کی جائے۔ انہوں نے کلسٹر ہیڈز کو ہدایت کی کہ بجٹ اور اخراجات سے متعلق تمام ضروری دستاویزات اور ریکارڈ کو باقاعدہ ترتیب دیا جائے، تاکہ مالیاتی امور کی جانچ پڑتال کے دوران متعلقہ معلومات بروقت دستیاب ہوں اور کسی قسم کی بے ضابطگی یا ابہام کی گنجائش باقی نہ رہے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اور ان کا درست، شفاف اور مؤثر استعمال متعلقہ افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تعلیمی اداروں کے لیے مختص فنڈز کو ان کی ضروریات اور مقررہ مقاصد کے مطابق بروئے کار لانا ضروری ہے۔

تربت کے طلبہ نے کامیابی حاصل کر کے کالج اور علاقے کا نام روشن کر دیا

مستقبل کے ماہر ڈاکٹروں کی تیاری کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے

تربت (خ ن) مکران میڈیکل کالج (ایم ایم سی) تربت کے دوسرے بیچ کے چھ فارغ التحصیل طلبہ نے ایف سی پی ایس پارٹ ون کے امتحان میں پہلی ہی کوشش میں کامیابی حاصل کر کے کالج اور علاقے کا نام روشن کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مکران میڈیکل کالج تربت کے چھ فارغ التحصیل طلبہ نے میڈیسن اینڈ الائیڈ اور سرجری اینڈ الائیڈ کے شعبوں میں فیلو آف کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (ایف سی پی ایس) پارٹ ون کا امتحان پہلی ہی کوشش میں کامیابی سے پاس کر لیا۔ کامیاب ہونے والے طلبہ میں ڈاکٹر جہند بوہیر، ڈاکٹر اسد خان، ڈاکٹر قدیر احمد، ڈاکٹر عزیر، ڈاکٹر انعم علی رضا اور ڈاکٹر بلال احمد شامل ہیں۔ ان طلبہ کی کامیابی کو ان کی مسلسل محنت، لگن، تعلیمی قابلیت اور شعبۂ طب میں پیشہ ورانہ مہارت حاصل کرنے کے عزم کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے۔ ان کی یہ نمایاں کامیابی نہ صرف ان کے لیے بلکہ مکران میڈیکل کالج اور پورے علاقے کے لیے باعثِ فخر ہے۔ اس موقع پر مکران میڈیکل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر افضل خالق نے تمام کامیاب فارغ التحصیل طلبہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی کامیابی پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے فارغ التحصیل طلبہ کی یہ غیر معمولی کامیابی ان کی محنت، لگن، تعلیمی برتری اور پختہ عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے اس کامیابی کو طلبہ کی انفرادی کوششوں اور معیاری طبی تعلیم کے حصول کے لیے ان کی سنجیدہ کاوشوں کا مظہر قرار دیا۔ مکران میڈیکل کالج کے دوسرے بیچ کے طلبہ کی یہ کامیابی علاقے میں طبی تعلیم کے فروغ اور مستقبل کے ماہر ڈاکٹروں کی تیاری کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔ امید کی جا رہی ہے کہ یہ نوجوان ڈاکٹر مستقبل میں شعبہ صحت میں اپنی خدمات کے ذریعے عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

شہریوں سے کسی قسم کی غیر مجاز فیس وصول نہ کی جائے، ماریہ شمعون

رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے اور تمام مراحل میں شفافیت یقینی بنائی جائے

استا محمد (خ ن) وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے تحت اہل شہریوں کو ریلیف کی فراہمی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے اور تمام مراحل میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون نے شہر کے تمام رجسٹرڈ پیٹرول پمپس کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر انہوں نے پروگرام پر عمل درآمد کی صورتحال شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور رجسٹریشن کے طریقہ کار کا جائزہ لیتے ہوئے عوامی شکایات کے ازالے پر خصوصی توجہ دی۔ معائنے کا بنیادی مقصد وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی جانچ پڑتال کرنا تھا جن میں رجسٹریشن کے عمل میں پیش آنے والی مشکلات مبینہ بے ضابطگیوں اور ریلیف کے حصول یا رجسٹریشن کے نام پر غیر مجاز فیسوں کی وصولی سے متعلق شکایات شامل تھیں اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرول پمپس پر موجود متعلقہ عملے سے پروگرام کے طریقہ کار اور شہریوں کو درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ رجسٹریشن کے عمل کو سہل منظم اور شفاف بنایا جائے تاکہ اہل شہری بلاوجہ کی مشکلات کے بغیر اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے پیٹرول پمپ مالکان اور متعلقہ عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام پر حکومتی پالیسی اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق عمل درآمد یقینی بنایا جائے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے رجسٹریشن کے لیے آنے والے اہل افراد کو درست رہنمائی فراہم کی جائے اور کسی بھی مرحلے پر غیر ضروری تاخیر یا رکاوٹ پیدا نہ کی جائے۔

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر تحصیلدار مانجھی پور بہرام خان بگٹی سبزیوں و گوشت کی قیمتوں کا جائزہ لے رہے ہیں

طبی سہولیات کی دستیابی کے لیے مؤثر انتظامات کیے جائیں، رمضان پلال

طبی سہولیات اور مناسب انتظامات کی اہمیت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کا ٹی ایچ کیو ہسپتال استا محمد کا دورہ کیا طبی سہولیات ادویات کی دستیابی عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال نے تحصیل ہیڈکوارٹر ٹی ایچ کیو ہسپتال استا محمد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، انتظامی امور اور علاج معالجے کے لیے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کا مقصد ہسپتال میں طبی خدمات کی فراہمی، عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور ادویات کی دستیابی سمیت دیگر ضروری امور کا جائزہ لینا تھا تاکہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کی صورتحال کا مشاہدہ کیا جا سکے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور طبی عملے کی حاضری چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ہسپتال کے احاطے، وارڈز اور دیگر حصوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا انہوں نے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور انتظامی امور کا مشاہدہ کرتے ہوئے اس امر کا جائزہ لیا کہ مریضوں کو علاج معالجے کے دوران درپیش ضروریات کو کس حد تک پورا کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے گائنی وارڈ کا دورہ کیا جہاں خواتین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور زچہ و بچہ کی صحت سے متعلق خدمات کا جائزہ لیا اس کے علاوہ انہوں نے پیڈز بچوں کے شعبے کا بھی معائنہ کیا جہاں بچوں کے علاج معالجے اور ان کی صحت سے متعلق سہولیات کا مشاہدہ کیا گیا۔ خواتین اور بچوں کی صحت کے حوالے سے طبی خدمات کی دستیابی سرکاری ہسپتالوں کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے، جس کے لیے ضروری طبی سہولیات اور مناسب انتظامات کی اہمیت پر خصوصی توجہ دی گئی۔

استا محمد، جناح روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

سامان فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر رکھنے سے گریز کریں، انتظامیہ

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی ہدایت پر جناح روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن متعدد عارضی تجاوزات ختم تجاوزات میں استعمال ہونے والی بینچیں کرسیاں اور میزیں ضبط کر لی گئیں واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں آج اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کے ہمراہ شہر کے مرکزی علاقے جناح روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران سڑک اور فٹ پاتھوں پر قائم متعدد عارضی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ عوامی گزرگاہوں اور سڑک کے حصوں پر رکھی گئی بینچیں، کرسیاں اور میزیں بھی ضبط کر لی گئیں، جو آمدورفت میں رکاوٹ کا باعث بن رہی تھیں۔ اس موقع پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کا مقصد واضح کرتے ہوئے بتایا گیا کہ شہر کی اہم شاہراہوں بازاروں اور عوامی گزرگاہوں کو تجاوزات سے پاک رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رہے، پیدل چلنے والوں کو آمدورفت میں آسانی میسر آئے اور شہریوں کو روزمرہ خریداری اور دیگر ضروری امور کی انجام دہی کے دوران مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر غیر ضروری سامان رکھنے سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ شہریوں، خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کو بھی مشکلات پیش آتی ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے، بازاروں کو منظم رکھنے اور عوامی مقامات پر شہریوں کی سہولت یقینی بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں میونسپل کمیٹی کے عملے کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ شہر کی اہم شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں تجاوزات کی روک تھام کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔

دکاندار سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیائے ضروریہ فروخت کریں، محمد اکرم خان

ڈکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمٰن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈکی محمد اکرم خان حریفال نے شہر کے مختلف بازاروں اور شاہراہوں کا دورہ کرتے ہوئے تجاوزات، غیر قانونی ریڑھیوں اور گراں فروشی کے خلاف کارروائی کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانوں کے سامنے غیر ضروری اور اضافی سامان رکھ کر عوامی راستوں میں رکاوٹ پیدا کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کی، جبکہ متعدد دکانیں سیل کر دی گئیں۔ اسی طرح مقررہ سرکاری نرخوں سے زائد قیمتوں پر اشیائے ضروریہ فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی گئی اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم خان حریفال نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیائے ضروریہ فروخت کریں، دکانوں کے سامنے تجاوزات قائم کرنے اور عوامی راستوں میں رکاوٹیں پیدا کرنے سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور بازاروں میں نظم و ضبط قائم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی ضلعی انتظامیہ ڈکی نے واضح کیا کہ تجاوزات، گراں فروشی اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی اور شہر کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

کولڈ چین اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے نظام کو مؤثر اور فعال رکھا جائے، ڈی سی دکی

ڈکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمٰن کبدانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈکی میں قائم ای پی آئی سنٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، ویکسین کی فراہمی و محفوظ ذخیرہ کاری اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ای پی آئی آفیسر پیر محمد نے ڈپٹی کمشنر کو حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، بچوں کو ویکسین کی فراہمی، طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے طریقہ کار اور ماحول دوست ای پی آئی ویسٹ شریڈنگ یونٹ کی فعالیت کے حوالے سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے ای پی آئی سنٹر کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے حفاظتی ٹیکہ جات کی مؤثر اور بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات بچوں کو مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہیں، اس لیے ویکسینیشن پروگرام میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے انتظامات پر بھی خصوصی توجہ دیتے ہوئے کہا کہ ہسپتالوں اور مراکز صحت سے پیدا ہونے والے طبی فضلے کو مقررہ حفاظتی اصولوں کے مطابق تلف کرنا نہ صرف ماحول کے تحفظ بلکہ عوامی صحت کے لیے بھی انتہائی ضروری ہے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ای پی آئی سنٹر میں صفائی ستھرائی، ویکسین کی دستیابی، کولڈ چین اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے نظام کو مؤثر اور فعال رکھا جائے تاکہ عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کا جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت وانگی روڈ اور پارک سے ملحقہ روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین روڈ ماجد ترین بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سڑکوں کی تعمیر کے مختلف مراحل، کام کے معیار، رفتار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، کام کی رفتار کو مزید بہتر بنایا جائے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے تاکہ تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہوں اور عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ BSDI پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھی جائے اور عوامی مفاد کے ان منصوبوں کی تکمیل میں معیار، شفافیت اور مقررہ اہداف کو خصوصی اہمیت دی جائے۔

تفتان پاک ایران سرحد پر امیگریشن گیٹ بند، تجارتی سرگرمیاں معطل

دالبندین (این این آئی) تفتان پاک ایران سرحد پر پاکستانی ایف آئی اے امیگریشن گیٹ عارضی طور پر بند کر دیا گیا، جس کے باعث سرحد پار تجارتی سرگرمیاں معطل ہو گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق گیٹ کی بندش اسلام آباد سے اعلیٰ حکام کی ہدایت پر عمل میں لائی گئی ہے، تاہم اس حوالے سے تاحال کوئی باضابطہ سرکاری اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا۔ گیٹ کی اچانک بندش سے تاجر برادری میں تشویش پائی جا رہی ہے، جبکہ کروڑوں روپے مالیت کے تجارتی سامان کے پھنس جانے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں پاکستانی ایف آئی اے امیگریشن گیٹ عارضی طور پر بند ہونے سے سرحد پار تجارتی سرگرمیاں متاثر ہو گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد سے اعلیٰ حکام کی ہدایت پر امیگریشن گیٹ بند کیا گیا ہے، تاہم گیٹ کی بندش کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں اور نہ ہی اس حوالے سے کوئی باضابطہ سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ امیگریشن گیٹ کی غیر اعلانیہ بندش کے باعث تجارتی سرگرمیاں معطل ہونے سے تاجر برادری میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، جبکہ سرحد پر کروڑوں روپے مالیت کے تجارتی سامان کے پھنس جانے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ تاجر برادری نے صورتحال کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

غذا کی حقیقت: 12 عام غلط فہمیاں

تحریر: عمیرہ واجد (ڈیپارٹمنٹ آف نیوٹریشنل سائنسز، انسٹیٹیوٹ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد)



[illegible]

☆☆☆☆

گوادر، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شمبے اسماعیل میں عالمی یوم انسدادِ غربت کی تقریب کے دوران ڈی ایس پی جاکر خان اور دیگر مہمان نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر حب کا ڈسٹرکٹ جیل کا تفصیلی دورہ

مختلف وارڈز کا معائنہ، قیدیوں سے ملاقات اور مسائل معلوم کیے

حب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ریٹائرڈ) جمعہ داد خان مندوخیل نے ڈسٹرکٹ جیل حب کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے جیل کے مختلف وارڈز، بیرکس اور دیگر حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور قیدیوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز میں قید افراد سے براہِ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل، شکایات اور ضروریات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے قیدیوں سے خوراک، پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور جیل انتظامیہ کے طرزِ عمل سے متعلق بھی استفسار کیا۔ اس موقع پر قیدیوں نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا، جنہیں انہوں نے توجہ سے سنا اور متعلقہ جیل حکام کو جائز شکایات کے ازالے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے جیل میں صفائی ستھرائی، رہائشی انتظامات، نظم و ضبط اور مجموعی ماحول کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قیدیوں کو قانون کے مطابق تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے ساتھ انسانی ہمدردی، احترام اور عزت و وقار کا مظاہرہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر حب نے اس بات پر زور دیا کہ قیدیوں کی صحت، فلاح و بہبود اور اصلاح پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ انہیں معاشرے کا ذمہ دار شہری بنانے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے۔

نصیرآباد میں BSDI فیز ون اور فیز ٹو کے تحت منظور شدہ 78 ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت سے قبل مکمل

نصیرآباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی ایف سی بلوچستان نارتھ کی کاوشوں سے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے فیز ون اور فیز ٹو کے تحت ضلع نصیرآباد میں منظور شدہ 78 ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت سے قبل مکمل کر لیے گئے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے ضلع میں ترقیاتی عمل کو فروغ ملا ہے منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو آگے بڑھانے میں مدد ملی ہے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی ایف سی بلوچستان نارتھ کی کاوشوں سے ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل ضلع نصیرآباد میں ترقی و خوشحالی کی راہ ہموار کرنے اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے انسدادِ بھنگ مہم 2026

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے کارروائیاں کی جائیں گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے انسدادِ بھنگ مہم 2026 کے تحت ضلع قلعہ عبداللہ، دوبندی اور گلستان سمیت مختلف علاقوں میں مرحلہ وار کارروائیوں کا شیڈول مرتب کر لیا گیا ہے۔ محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و انسدادِ منشیات بلوچستان اس مہم میں متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر انسدادِ منشیات کی کوششوں میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ دوبندی کے مختلف علاقوں میں 15 سے 22 اکتوبر جبکہ گلستان اور قلعہ عبداللہ میں 21 اکتوبر سے یکم نومبر 2026 تک انسدادِ بھنگ مہم جاری رہے گی مہم کے دوران بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے کارروائیاں کی جائیں گی۔ اور اس سلسلے میں چمن اسکاؤٹس، مسلم باغ اسکاؤٹس اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر قلعہ عبداللہ سے نفری کی تعیناتی اور تعاون کی درخواست کی گئی ہے۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ منشیات کی کاشت اور پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے مربوط اقدامات اور اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری ناگزیر ہے۔

جدید علاج معالجے کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، قائم خان لاشاری

محکمے میں اصلاحات کے زمینی اثرات جلد از جلد عوام تک پہنچائے جائیں

پشین (خ ن) ڈویژنل کمشنر پشین قائم خان لاشاری نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی سستی یا غفلت کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا اور سرکاری ہسپتالوں کا رخ کرنے والے ہر شہری کو عزتِ نفس کے احترام کے ساتھ بہترین اور جدید علاج معالجے کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس عزم کا اظہار انہوں نے نوتشکیل شدہ پشین ڈویژن میں صحت کے شعبے کو درپیش سنگین چیلنجز، انتظامی اصلاحات اور بجٹ کے امور کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ، ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر گل زمان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نصراللہ لانگو، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال پشین اور اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر محمد جہانگیر بابر سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ کمشنر پشین کو انتظامی و مالیاتی امور سمیت ہسپتالوں کی آپریشنل حالت پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی، اجلاس کے دوران ڈویژن بھر کے ہسپتالوں میں زندگی بچانے والی لازمی ادویات اور جدید ترین تشخیصی و طبی آلات کی بلاتعطل فراہمی سمیت عملے اور افرادی قوت کی کمی کو ہنگامی بنیادوں پر پورا کرنے کا حتمی فیصلہ کیا گیا۔

کراچی، پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری یوم شہدائے جمہوریت کے موقع پر یادگار شہداء کارساز پر پھول رکھ رہے ہیں

اوستہ محمد، امیدواروں کے قد اور چھاتی کی پیمائش کا مرحلہ مکمل

شفافیت اور قواعد وضوابط کی پاسداری کو بنیادی اہمیت دی جا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پولیس ڈسٹرکٹ اوستہ محمد میں کانسٹیبل کی بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے قد اور چھاتی کی پیمائش کا مرحلہ مکمل کر لیا گیا۔ یہ عمل ڈی آئی جی پولیس کرائم برانچ بلوچستان و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی ضلع اوستہ محمد عبدالحمید سنجرانی کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ پولیس میں بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کی جسمانی پیمائش کا مرحلہ مقررہ معیار اور قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیا گیا جس کا مقصد بھرتی کے عمل میں شفافیت برقرار رکھنے اور اہل امیدواروں کے انتخاب کو یقینی بنانا ہے۔ ڈی آئی جی پولیس کرائم برانچ بلوچستان نے کہا کہ بھرتی کے تمام مراحل میں میرٹ، شفافیت اور قواعد وضوابط کی پاسداری کو بنیادی اہمیت دی جا رہی ہے۔ امیدواروں کی جانچ پڑتال مقررہ طریقہ کار کے تحت کی جا رہی ہے تاکہ بھرتی کے عمل کو منصفانہ بنایا جا سکے اور کسی بھی امیدوار کے ساتھ امتیازی سلوک نہ ہو۔ اس موقع پر کمیٹی پر مشتمل ممبر ان اے آئی جی ویلفیئر طاہر مصطفیٰ، ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن، پاک فوج کے افسران اور ایف سی کرنل بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی پولیس کرائم برانچ بلوچستان چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی ضلع اوستہ محمد عبدالحمید سنجرانی کی نگرانی میں بھرتی کے عمل کو ضابطے کے مطابق آگے بڑھایا جا رہا ہے۔

نوشکی: خواتین کی کھلی کچہری کے مثبت نتائج، مستحق خاتون کو آرڈر جاری

نوشکی (آن لائن) ضلعی انتظامیہ نوشکی کی جانب سے خواتین کے مسائل کے حل کے لیے منعقدہ خصوصی کھلی کچہری کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے۔ کھلی کچہری میں اپنا مسئلہ پیش کرنے والی ایک مستحق خاتون کو آج ڈپٹی کمشنر آفس نوشکی میں آرڈر جاری کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نوشکی جار اللہ کاکڑ کی ہدایات پر منعقدہ خصوصی کھلی کچہری میں خاتون نے اپنا مسئلہ پیش کیا تھا، جس پر متعلقہ حکام نے کارروائی کرتے ہوئے انہیں ریلیف فراہم کیا۔ آرڈر جاری ہونے پر خاتون نے چیف سیکرٹری بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر نوشکی جار اللہ کاکڑ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محسن لاشاری، اسسٹنٹ کمشنر نعیم قاسم شاہوانی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خالد احمد شاہ اور ڈسٹرکٹ فی میل ایجوکیشن آفیسر صباء سعید بلوچ، اے ڈی او بی بی لیاقت بادینی نے خاتون کو آرڈر فراہم کیا۔ خاتون نے اپنے بیان میں آرڈر جاری ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان، ڈپٹی کمشنر نوشکی جار اللہ کاکڑ اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

سرکاری اثاثوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، خالد یوسف

ہماری قانونی جدوجہد کسی فرد، گروہ یا شخصیت کے خلاف نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جوائنٹ ایکشن کمیٹی سمال انڈسٹریز ونگ بلوچستان کے چیئرمین خالد یوسف اور ڈپٹی چیئرمین امان اللہ کاسی نے اپنے مشترکہ اعلامیے میں کہا ہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ میں دائر کردہ مقدمے کا بنیادی مقصد سمال انڈسٹریز ونگ کے سرکاری اثاثوں، ادارہ جاتی شناخت اور محکمانہ مفادات کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ ہماری قانونی جدوجہد کسی فرد، گروہ یا شخصیت کے خلاف نہیں بلکہ ادارے کے جائز حقوق کے تحفظ اور انتظامی معاملات کو قانونی بنیادوں پر حل کرانے کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے نہ کسی فرد پر کوئی الزام عائد کیا ہے، نہ کسی کی ذات یا شخصیت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور نہ ہی کسی کے خلاف بدعنوانی کے الزامات لگانا ہمارا مقصد ہے۔ ہماری جدوجہد کو کسی فرد، گروہ یا ذاتی مفادات سے منسلک کرنا حقائق کے منافی ہے۔ یہ معاملہ کسی کی حمایت یا مخالفت کا نہیں بلکہ سمال انڈسٹریز ونگ کے مستقبل، سرکاری اثاثوں اور ادارہ جاتی تشخص کے تحفظ کا ہے۔ خالد یوسف اور امان اللہ کاسی نے کہا کہ سمال انڈسٹریز اسٹیٹ، سمال انڈسٹریز ونگ کی بنیادی اکائی اور محکمہ کا ایک اہم سرکاری اثاثہ ہے، جس کے انتظامی مستقبل کے حوالے سے واضح اور مستقل فیصلہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سمال انڈسٹریز ونگ کی انتظامی حیثیت سے متعلق ابہام فوری طور پر دور کیا جائے اور ادارے کو یا تو مکمل طور پر محکمہ لیبر کے انتظامی کنٹرول میں رکھا جائے یا اس کا مکمل انتظامی اختیار سیکریٹری انڈسٹریز کے تحت برقرار رکھا جائے تاکہ ادارے کی شناخت، اثاثوں اور انتظامی امور کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ غیر واضح انتظامی صورتِ حال ادارے کے مستقبل اور محکمانہ مفادات کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے، اس لیے متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ اس اہم معاملے پر سنجیدگی سے توجہ دیتے ہوئے قانونی اور انتظامی پیچیدگیوں کو دور کریں۔ مشترکہ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے مختلف بیانات اور تبصروں سے جوائنٹ ایکشن کمیٹی سمال انڈسٹریز ونگ بلوچستان کا کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ کمیٹی اپنی جدوجہد کو مکمل طور پر قانونی، آئینی اور ادارہ جاتی حدود میں رکھنا چاہتی ہے اور کسی بھی قسم کی الزام تراشی یا ذاتی محاذ آرائی کا حصہ نہیں بننا چاہتی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا واحد مقصد یہ ہے کہ سمال انڈسٹریز ونگ کی انتظامی حیثیت اور سرکاری اثاثوں سے متعلق معاملات کا فیصلہ قانون کے مطابق ہو اور ادارے کی شناخت، خودمختاری اور جائز محکمانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے، فضل الرحمٰن

کاؤنسلنگ اور رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی پر خصوصی توجہ دی جائے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیرِ صدارت آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور مؤثر حکمتِ عملی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی ایم پی ایچ آئی قاہر خان درانی، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عبداللہ جان، این اسٹاپ ڈاکٹر عزیز اللہ، ایم اینڈ ای آفیسر ای پی آئی پیر محمد، بی سی او سعید احمد ناصر سمیت متعلقہ افسران اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی اجلاس کے دوران آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے مائیکرو پلاننگ، پولیو ٹیموں کی تشکیل و تربیت، بچوں تک رسائی، حساس علاقوں کی نشاندہی، مانیٹرنگ اور مہم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے مہم کے دوران درپیش ممکنہ چیلنجز اور ان کے بروقت تدارک کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور تمام متعلقہ محکمے و ادارے باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

پسنی گورنمنٹ ڈگری کالج میں منعقدہ سیمینار سے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز مکران پروفیسر برکت اسماعیل اور پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج پروفیسر شہزاد خطاب کر رہے ہیں

☆☆☆☆☆ گوادر، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شمبے اسماعیل میں عالمی یوم انسداد غربت کی تقریب کے دوران طالبات ٹیبلو پیش کر رہی ہیں

بقیہ 1

امریکا اپنے فوجیوں اور بحری جہازوں کو حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔خطاب کے دوران امریکی وزیر دفاع نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خارجہ پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن لاطینی امریکا میں ایران، چین اور روس کے اثر و رسوخ کو محدود کرنا چاہتا ہے۔انہوں نے وینزویلا میں امریکی آپریشن کو بھی اہم قرار دیا اور کہا کہ اس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ان کا کہنا تھا کہ وینزویلا کے وسیع تیل ذخائر اسے امریکا کے لیے تزویراتی لحاظ سے اہم بناتے ہیں۔

بقیہ 2

رہے کہ عدن یمن کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کا عبوری دارالحکومت ہے جبکہ حوثی یمن کے شمالی حصوں پر قابض ہے اور یمنی حکومت کے ساتھ سعودی اتحادی فوج سے لڑ رہے ہیں۔تاہم ایئرپورٹ کے قریب میزائل گرنے کے تازہ واقعے میں جانی نقصان یا املاک کو پہنچنے والے نقصان کی تفصیلات دستیاب نہیں ہیں۔ادھر سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ یمن کے علاقے صعدہ میں بیلسٹک میزائل داغنے والے دو لانچرز کو تباہ کر دیا ہے۔اس سے پہلے سعودی عرب کے شہروں جازان، خمیس مشیط اور ابہا میں ممکنہ خطرے کے پیش نظر الرٹ جاری کیا، تاہم کچھ دیر بعد وارننگ کو واپس لے لیا۔ادھر برطانوی دفتر خارجہ نے اپنے شہریوں کو سعودی عرب کے غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 3

خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک وقت تھا جب برطانیہ جنگ کے امکان کے بارے میں سوچنا بھی نہیں چاہتا تھا، لیکن اب عالمی حالات میں انتہائی خطرہ موجود ہے اور فوجی تیاری دوبارہ قومی ترجیحات کا حصہ بن رہی ہے۔فوجی سربراہ کے مطابق سیاسی قیادت عوام کو یہ سمجھانے کی کوشش کرے گی کہ قومی دفاع اور سکیورٹی کو ترجیح دینے کے لیے انہیں کچھ قربانیاں قبول کرنا ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صرف فوج کی حمایت ہی نہیں بلکہ ملک کے دفاع اور سکیورٹی میں اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کے لیے بھی تیار رہنا ہوگا۔انہوں نے فوجیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر برطانیہ کو جنگ میں اترنا پڑا تو ملک کو انہی فوجیوں کی ضرورت ہوگی۔خاص طور پر انہوں نے نشاندہی کی کہ زمینی جنگ کا سب سے بڑا بوجھ عموماً نوجوان اور نسبتاً کم تجربہ کار فوجیوں پر پڑتا ہے۔

بقیہ 4

صدر ٹرمپ نے بھی کہا تھا کہ کیٹی زکریا کو اپنی ملازمت پر ایک بار پھر غور کرنا چاہیے۔کیٹی زکریا نے اس بریفنگ کے بعد کہا تھا کہ نوکری کے لیے طلب کیے جانے سے اب تک صرف 6 دن گزرے ہیں اور انہوں نے میڈیا کا سامنا پہلی مرتبہ کیا ہے۔

بقیہ 5

زخمی ہو گئے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پولیس نے بتایا کہ حادثہ دشت آبادان کے علاقے میں پیش آیا، جہاں ایک گاڑی سامنے سے آنے والی گاڑی سے ٹکرا گئی جس سے دونوں گاڑیوں میں سوار چار مسافر موقع پر ہلاک جبکہ تین زخمی ہو گئے۔

بقیہ 6

سے متعلق تقریب منعقد کی جائے گی۔ایک حالیہ انٹرویو کے دوران خاتون صحافی نے پرنس ولیم کو یاد دلایا کہ بھارت اپنے مسالے دار کھانوں کے لیے مشہور ہے۔اس پر پرنس ولیم نے کہا کہ میں بہت کم مرچ مسالے والے کھانے کھاتا ہوں اور تیز مرچ کھانے سے مجھے شدید پسینہ آتا ہے جو کہ میرے لیے پریشانی کا سبب بنتا ہے۔شہزادہ ولیم نے 2023 میں بھی ایک انٹرویو کے دوران بتایا تھا کہ میں زیادہ مرچ مسالے برداشت نہیں کر سکتا اور اس سے مجھے پسینہ آنے لگتا ہے۔دوسری جانب پرنس ولیم کی اہلیہ شہزادی کیتھرین مڈلٹن کو مسالے دار کھانے پسند ہیں، وہ سالن پکاتے وقت آخر میں مزید مسالے شامل کرنا پسند کرتی ہیں۔

بقیہ 7

کے معاشی مفادات بھی متاثر ہوئے ہیں۔مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے مطابق 2023 میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملے شروع ہونے کے بعد سے نہر سوئز کو تقریباً 11 ارب ڈالر کی آمدنی کا نقصان ہوا ہے۔

بقیہ 8

کھائی میں جاگری۔حادثے میں ہلاک ہونے والوں کی لاشیں نکال لی گئی ہیں جبکہ زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔پولیس کے مطابق زخمیوں میں سے بعض کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث اموات میں اضافے کا خدشہ ہے۔حادثے کا شکار گاڑی میں تقریباً 21 افراد سوار تھے۔

بقیہ 9

ہے، لیکن قوم کو آپ کی ضرورت پڑنے والی ہے، سیاسی قیادت کو ملکی دفاع اور سلامتی کیلئے عوام کو قربانیاں دینے کے لیے راضی کرنا ہوگا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق برطانوی وزیراعظم اس حوالے سے آگاہی کی نئی مہم بھی شروع کریں گے،مہم کا مقصد لوگوں کو بحرانوں، سیلاب، خشک سالی اور جنگوں کیلئے تیار رہنے کی ترغیب دینا ہوگا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز ایک سروے میں 48 فیصد عوام نے کہا تھا کہ وہ جنگ میں حصہ لینے کے حامی نہیں ہیں۔

بقیہ 10

کو فراہم کی جانے والی انٹیلی جنس کا مقصد یمن میں حوثیوں کے لاحق خطرات سے نمٹنے اور آبنائے باب المندب میں آزاد بحری آمد و رفت یقینی بنانے میں مدد دینا ہے۔رپورٹ کے مطابق سعودی عرب نے امریکا سے اس سلسلے میں مدد طلب کی تھی، جس پر واشنگٹن نے یہ درخواست اسرائیل تک پہنچائی، اسرائیل نے حوثیوں کو خطے کے لیے ایک وسیع تر خطرہ قرار دیتے ہوئے سعودی عرب کو انٹیلی جنس فراہم کرنا شروع کر دی ہے۔اس معاملے سے واقف ایک غیر ملکی ذریعے نے بتایا کہ حال ہی میں اسرائیل کا دورہ کرنے والے امریکی نمائندوں نے قاہرہ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران کہا کہ اسرائیل حوثیوں کے خلاف اسرائیلی فوج کے تجربے کی بنیاد پر سعودی عرب کو وسیع پیمانے پر انٹیلی جنس فراہم کر سکتا ہے۔

بقیہ 11

ان سے ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔دوسری جانب آئی ایس ایس آئی اے کی سربراہ نیہا بورا کو رہا کر دیا گیا۔رہائی کے بعد نیہا بورا نے اپنے بیان میں کہا کہ پولیس مظاہرین کو بغیر کسی جائزہ کے حراست میں لے کر کئی گھنٹے تھانوں میں رکھتی ہے جس کا مقصد عام شہریوں میں خوف و ہراس پیدا کرنا ہے۔نیہا بورا نے انہچیت دیکھے سمیت تمام زیر حراست مظاہرین کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری صرف جواب دہی اور ووٹ کے حق کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 12

کر رہی تھیں۔خاتون فوٹو گرافر ہائیڈی لیوین کو حملے کے بعد رام اللہ کے ایک ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔دوسری جانب امریکہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں اس مجرمانہ تشدد کی مذمت کی۔تاہم اس مذمت کے دوران امریکہ نے امریکی خاتون صحافی پر یہودی آبادکاروں کے تشدد کے واقعے کا براہ راست ذکر نہیں کیا۔

بقیہ 13

۔ان امیدواروں کو انتونیو گوتریس کی جگہ لینا ہے، جن کی پانچ سالہ دوسری مدت 31 دسمبر 2026 کو ختم ہو رہی ہے۔امیدواروں میں چلی کی مشیل بچلیٹ، ایکواڈور کی ماریا فرنانڈا اسپینوزا، کوسٹا ریکا کی ریبیکا گرینسپن، گیانا کی کیرولین روڈریگز برکٹ، ارجنٹینا کے رافیل گروسی، یوگنڈا کے اولارا اوتونو اور سینیگال کے ماکی سال شامل ہیں۔امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق واشنگٹن ان ساتوں امیدواروں کی مخالفت کر رہا ہے۔تاہم اقوام متحدہ میں امریکہ کے سفیر مائیک والٹز نے ان رپورٹس پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا اور صرف اتنا کہا کہ امریکہ ہمیشہ سے یہی کہتا آیا ہے کہ وہ بہترین امیدوار چاہتا ہے۔نئے امیدواروں کی ممکنہ شمولیت سے متعلق سوال پر والٹز نے کہا کہ خودمختار ریاستوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ چاہیں تو مزید امیدوار نامزد کر سکتی ہیں۔سفارت کاروں میں جن شخصیات کے نام ممکنہ امیدواروں کے طور پر زیر گردش ہیں، ان میں امریکہ کی حمایت یافتہ امن کونسل کے اعلیٰ نمائندے نکولائی ملادینوف، متحدہ عرب امارات کی وزیر مملکت برائے خارجہ امور لانا نسیبہ اور یورپ میں سلامتی اور تعاون کی تنظیم کے سیکریٹری جنرل فریدون ہادی سنیر لی اوغلو شامل ہیں۔دو مستقل ارکان کی مخالفت کے باوجود ریبیکا گرینسپن چھٹے مرحلے کی ووٹنگ میں بھی سرفہرست رہیں، جیسا کہ اس سے قبل ہونے والے پانچ مراحل میں بھی ہوا تھا۔اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے انتخاب کے لیے امیدوار کو 15 رکنی سلامتی کونسل کے کم از کم نو ارکان کی حمایت حاصل کرنا ضروری ہے۔اس کے ساتھ یہ بھی لازم ہے کہ سلامتی کونسل کے پانچ مستقل ارکان میں سے کوئی بھی اسے ویٹو نہ کرے۔موجودہ عالمی صورت حال میں یہ پانچوں بڑی طاقتیں متعدد معاملات پر شدید اختلافات کا شکار ہیں۔سلامتی کونسل سے منظوری کے بعد امیدوار کا نام حتمی منظوری کے لیے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پیش کیا جاتا ہے۔اقوام متحدہ میں رائج روایت کے مطابق سیکریٹری جنرل کا عہدہ علاقائی گروپوں کے درمیان باری باری تقسیم ہوتا ہے۔اس روایت کے تحت اس بار لاطینی امریکہ سے تعلق رکھنے والے امیدوار کو یہ عہدہ ملنے کی توقع ہے۔زیادہ تر امیدوار اسی خطے سے تعلق رکھتے ہیں، تاہم سینیگال کے ماکی سال اور یوگنڈا کے اولارا اوتونو کا تعلق افریقہ سے ہے۔

بقیہ 14

ضرورت ہے۔جرمن چانسلر نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں بھی کہا تھا کہ یورپی یونین کے مالی وسائل محدود ہیں، اس لیے اخراجات کے حوالے سے واضح ترجیحات طے کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ یورپ کے مستقبل کا تعین کرنے والے شعبوں، خصوصاً دفاع اور مسابقت، میں سرمایہ کاری کی جانی چاہیے۔

بقیہ 15

نے مشترکہ طور پر ٹارپیڈو ہتھیاروں کے نظام زام 2.0 کا تجرباتی تجربہ کیا، جس کا مقصد زیر آب حملہ آور ہتھیاروں میں تکنیکی بہتری کی کامیابی کی تصدیق کرنا تھا۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ نئے ہتھیاروں کے نظام میں ہدف کی نشاندہی اور رہنمائی کے افعال کے لیے مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی استعمال کی گئی ہے۔

بقیہ 16

اور علاقائی سلامتی کے دفاع کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 17

بن رہی ہے۔فوجی سربراہ کے مطابق سیاسی قیادت عوام کو یہ سمجھانے کی کوشش کرے گی کہ قومی دفاع اور سکیورٹی کو ترجیح دینے کے لیے انہیں کچھ قربانیاں قبول کرنا ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صرف فوج کی حمایت ہی نہیں بلکہ ملک کے دفاع اور سکیورٹی میں اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کے لیے بھی تیار رہنا ہوگا۔انہوں نے فوجیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر برطانیہ کو جنگ میں اترنا پڑا تو ملک کو انہی فوجیوں کی ضرورت ہوگی۔خاص طور پر انہوں نے نشاندہی کی کہ زمینی جنگ کا سب سے بڑا بوجھ عموماً نوجوان اور نسبتاً کم تجربہ کار فوجیوں پر پڑتا ہے۔واضح رہے کہ برطانوی حکومت پہلے ہی دفاعی اخراجات میں نمایاں اضافہ کرنے کا ہدف مقرر کر چکی ہے، جس کے لیے حکومت کو دیگر شعبوں کے اخراجات اور قومی ترجیحات پر بھی مشکل فیصلے کرنا پڑ سکتے ہیں۔

بقیہ 18

سے اکتوبر کے عرصے کے لیے ریکارڈ شدید غذائیت کی سطح نے لاکھوں افغان شہریوں کے لیے بھوک کی سطح میں اضافہ نوٹ کیا ہے۔معاشی دباملک بھر میں گھرانوں پر دباؤ ڈال رہا ہے، جس سے 32 فیصد سے زیادہ آبادی، بحران کی سطح کے شدید غذائی عدم تحفظ کے مرحلے تین یا اس سے اوپر کا سامنا کر رہی ہے، جبکہ 3.4 ملین افراد ہنگامی مرحلے کے چوتھے حالات کا سامنا کر رہے ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ موجودہ بگاڑ بیماری کے پھیلنے اور ناکافی پانی، صفائی اور حفظان صحت کے حالات کی وجہ سے ہے، جس میں غذائیت کی خدمات تک رسائی میں تیزی سے کمی ہوئی ہے۔موسم سرما کے دوران نومبر سے اپریل تک صورتحال مزید خراب ہونے کی توقع ہے، جب تقریباً 19.2 ملین افراد کو تیسرے یا اس سے اوپر کے مرحلے کا سامنا کرنے کا امکان ہے۔ملک میں شدید غذائی قلت بھی نمایاں طور پر بڑھنے والی ہے، جنوری اور دسمبر 2027 کے درمیان پانچ سال سے کم عمر کے 4.04 ملین بچوں کو علاج کی ضرورت متوقع ہے۔رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ اگرچہ بہتر بارشوں اور بہتر زرعی پیداوار نے خوراک کی دستیابی کو سہارا دیا ہے، لیکن انسانی امداد میں کمی گھرانوں کی مشکلات سے نمٹنے کی صلاحیت کو کم کر رہی ہے۔ورلڈ فوڈ پروگرام (ڈبلیو ایف پی) اور فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) کی طرف سے جاری پیغام میں خوراک کی امداد، ہنگامی زرعی امداد، غذائیت کی روک تھام اور علاج کے لیے فوری فنڈنگ کا مطالبہ کیا۔ڈبلیو ایف پی کے کنٹری ڈائریکٹر جان ایلیف نے کہا کہ ہمارے پاس اب بھی کام کرنے کے لیے ایک موقع موجود ہے، لیکن یہ تیزی سے ختم ہو رہا ہے۔فوری مدد ملنے کی صورت میں، خاندان وقار کے ساتھ سردیوں کا موسم گزار سکتے ہیں۔اس مدد کے بغیر بہت سے لوگوں کو ایسے مشکل ترین فیصلوں کا سامنا کرنا پڑے گا جو کسی بھی والدین کو نہیں کرنے چاہئیں۔ایف اے او کے نمائندے رچرڈ ٹرینچارڈ نے کہا کہ بہت سے افغان خاندانوں کو روزگار کے ایسے مواقع درکار ہیں جو انہیں مستقبل کے کسی بھی بحران کا مقابلہ کرنے کے قابل بنائیں۔اس کے ساتھ ہی ان خاندانوں کو اس موسم سرما میں گزارے کے لیے امداد کی بھی ضرورت ہے۔افغانستان میں اقوام متحدہ کے امدادی مشن کی رپورٹ کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران ملک بھر میں بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری رہا، جس میں طالبان حکام کی جانب سے عائد کردہ پابندیوں کا سب سے زیادہ خمیازہ خواتین اور لڑکیوں کو بھگتنا پڑا۔لڑکیوں کے لیے چھٹی جماعت سے آگے باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے پر پابندی بدستور برقرار ہے۔اس پابندی کے بارے میں پوچھے جانے پر طالبان کے ایک ترجمان نے کہا کہ شریعت کی روشنی میں کچھ مسائل اور پہلوؤں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔رپورٹ کے مطابق اگرچہ طالبان کی سپریم کورٹ نے اپریل میں اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور ویب سائٹ پر ایسی سزاؤں کے بارے میں عوامی سطح پر اعلان کرنا بند کر دیا تھا، تاہم یو این اے ایم اے نے چوری اور زنا جیسے الزامات کے تحت 22 مردوں اور 6 خواتین کو سرعام کوڑے مارے جانے کے واقعات دستاویزی شکل میں ریکارڈ کیے۔اس کے علاوہ، سکیورٹی فورسز کے 14 سابق ارکان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ 4 افراد ہلاک ہوئے۔رپورٹ کے مطابق کئی میڈیا اداروں کو بغیر کسی واضح وجہ یا اپیل کے طریقہ کار کے معطل کر دیا گیا۔جولائی 2025 میں گرفتار ہونے والا ایک صحافی اب بھی حراست میں ہے، حالانکہ اس پر جرم ثابت نہیں ہوا ہے۔اگست میں جاری ہونے والے پولیس کے نئے قانون کے تحت ہر قسم کے مظاہروں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

بقیہ 19

شعبے میں تعاون کے لیے جامع فریم ورک بنانے اور قابل عمل حل پیش کرنے پر متفق ہو گئے ہیں۔قطر انرجی نے فرانسیسی کمپنی ٹوٹل انرجیز کے ساتھ معاہدہ کیا ہے جس کے تحت لبنان میں ابتدائی منصوبے کے طور پر مشترکہ طور پر سولر پاور پلانٹ تیار کیا جائے گا۔قطری وزیراعظم کے مطابق اس منصوبے کا مقصد ایسی بڑی سرمایہ کاری کرنا ہے جس سے لبنانی معیشت اور اس میں شریک قطری کمپنیوں و اداروں کو فائدہ پہنچے۔دوسری جانب لبنانی وزیراعظم نواف سلام نے کہا کہ بجلی کے شعبے سے متعلق منصوبے جلد کابینہ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

بقیہ 20

کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کا موقف سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی کی متعلقہ قراردادوں بالخصوص سلامتی کونسل کی 1980 میں منظور کردہ قرارداد نمبر 476 اور 8 7 4 کے عین مطابق ہے۔مذکورہ قراردادیں مقبوضہ بیت المقدس کی نوعیت یا حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں کو مسترد اور یہ مطالبہ کرتی ہیں کہ اس شہر سے سفارتی مشنز (سفارت خانے) واپس بلا لیے جائیں۔وزرا نے شہر کو ان فلسطینی علاقوں کا حصہ قرار دیا جو 1967 میں قبضے میں لے لیے گئے تھے۔وزرا خارجہ نے کولمبیا کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے فیصلے پر نظرثانی کرے اور اسے واپس لے، بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے اور ایسے اقدامات اٹھانے سے گریز کرے جو فلسطینی عوام کے جائز حقوق کو نقصان پہنچا سکتے ہوں۔انہوں نے ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے اپنی حمایت کا بھی اعادہ کیا جس کا دارالحکومت بیت المقدس ہو۔

بقیہ 21

اقوام متحدہ کے مطابق رواں سال زیتون کی فصل کی کٹائی کے دوران اسرائیلی آبادکاروں کے حملوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 22

ہو گئے تھے۔غزہ کی وزارت صحت کے مطابق، معاہدے کے نافذ ہونے کے بعد سے اسرائیلی جنگ بندی کی خلاف ورزیوں میں 1,493 فلسطینی ہلاک اور 5,299 دیگر زخمی ہو چکے ہیں۔

بقیہ 23

کے فریقین کی 17 ویں کانفرنس سے قبل ملی اقدامات، رفتار اور سیاسی عزم میں اضافہ کریں۔کانفرنس 19 سے 30 اکتوبر تک منعقد ہوگی۔انتونیو گوتریش نے کہا کہ 2030 کے اہداف کے حصول کے لیے مقررہ مدت کا نصف گزرنے کے قریب ہے، اس لیے یریوان اجلاس عالمی وعدوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے اور جواب دہی یقینی بنانے کا اہم موقع ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ موسمیاتی تبدیلی، غیر مقامی حملہ آور انواع، قدرتی وسائل کے بے دریغ استعمال اور آلودگی کے باعث 10 لاکھ سے زائد انواع کو معدومیت کا خطرہ لاحق ہے۔اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ 2022 میں منظور کیے گئے کنمنگ مونٹریال عالمی حیاتیاتی تنوع فریم ورک میں قدرتی ماحول کے تحفظ کا واضح لائحہ عمل پیش کیا گیا تھا، تاہم اس پر پیش رفت غیر یکساں اور ناکافی ہے۔انہوں نے بتایا کہ حیاتیاتی تنوع کے کنونشن کے تقریباً 90 فیصد فریق ممالک نے قومی اہداف مقرر کر لیے ہیں، جبکہ نصف سے زائد ممالک ان پر عملدرآمد کے منصوبے بھی تیار کر چکے ہیں۔ان کے مطابق 2022 کے بعد مزید 13 لاکھ مربع کلومیٹر زمینی اور 60 لاکھ مربع کلومیٹر سمندری رقبے کو باضابطہ طور پر تحفظ کے دائرے میں شامل کیا گیا ہے۔تاہم انہوں نے کہا کہ اگر ممالک اپنے موجودہ وعدے بھی پورے کر لیں تو 2030 تک صرف 26 فیصد زمینی اور 12 فیصد سمندری رقبہ محفوظ ہو سکے گا، جو زمین اور سمندر کے 30، 30 فیصد رقبے کے تحفظ کے عالمی ہدف سے کم ہے۔انتونیو گوتریش نے حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے مالی وسائل کی کمی کو بھی ایک بڑی رکاوٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اقتصادی تعاون و ترقی کی تنظیم (او ای سی ڈی) کی رپورٹ کے مطابق اس شعبے کے لیے دستیاب مالی اعانت عالمی فریم ورک کے تحت مقرر کردہ سالانہ 200 ارب ڈالر کے ہدف کے نصف سے بھی کم ہے۔انہوں نے کہا کہ حیاتیاتی تنوع کا بحران الگ تھلگ مسئلہ نہیں بلکہ اس کے موسمیاتی تبدیلی، تنازعات، غذائی عدم تحفظ اور بیماریوں سے گہرے روابط ہیں۔انہوں نے حکومتوں، مالیاتی اداروں اور کاروباری شعبے پر زور دیا کہ وہ عالمی فریم ورک پر عملدرآمد تیز کریں، پائیدار زراعت کو فروغ دیں، سرکلر معیشت کو وسعت دیں، ماحولیاتی نگرانی کا نظام مضبوط بنائیں اور موجودہ قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 24

بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کے احترام کے تناظر میں ہوئی ہے بلکہ جنگ کے ان معاشی اور سماجی اثرات سے بھی ہوتی ہے جن کا شہری ایک بار پھر سامنا کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سپین کی پارلیمان نے 12 ارب یورو سے زیادہ کے امدادی پیکج کی منظوری دی ہے، جس کا مقصد متاثرہ شعبوں اور اپنی ذاتی گاڑیاں استعمال کرنے والے شہریوں کی مدد کرنا ہے۔ہسپانوی وزیراعظم نے زور دیا کہ اب سب سے اہم بات اس تباہی کو جلد از جلد ختم کرنا ہے۔

بقیہ 25

اظہار کیا، امریکی قانون سازوں نے الزام لگایا کہ واشنگٹن میں بھارتی سفارتخانے اور امریکہ کے مختلف شہروں میں بھارتی قونصل خانوں نے کاکروچ جنتا پارٹی کے حق میں مظاہرے کرنے والوں کی نگرانی کے لیے فوٹو گرافر تعینات کیے۔انہوں نے ان الزامات کی شفاف اور آزادانہ تحقیقات کا بھی مطالبہ کیا۔قانون سازوں نے بھارت میں انتخابی فہرستوں سے مبینہ طور پر بڑی تعداد میں ووٹرز کے نام خارج کیے جانے پر بھی تشویش ظاہر کی اور کہا کہ اظہار رائے، پرامن اجتماع اور ووٹ دینے کا حق جمہوری معاشروں کی بنیادی اقدار ہیں۔دوسری جانب امریکا میں بھارتی سفیر ونائے موہن کواترا نے پرمیلا جے پال کے تبصروں کو بھارت کے داخلی معاملات میں ناقابل قبول مداخلت قرار دیا ہے۔

بقیہ 26

توانائی کے مراکز پر یوکرین کے حملوں سے عالمی سطح پر ایندھن، خصوصاً ڈیزل، کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ٹرمپ نے روسی ریفائنریوں پر حملوں کو شرمناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ دنیا کو ڈیزل کی ضرورت ہے اور ایسے حملے عالمی توانائی کی فراہمی کو متاثر کر رہے ہیں۔ٹرمپ نے ایک مرتبہ پھر یوکرین میں انتخابات کرانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں اب یوکرین کو انتخابات کی ضرورت ہے اور زیلنسکی کی جگہ نیا صدر آنا چاہیے جو روس کے ساتھ جنگ ختم کرنے کے لیے معاہدہ کر سکے۔انہوں نے زیلنسکی کو روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کے مقابلے میں مذاکرات کے لیے زیادہ مشکل قرار دیا۔

بقیہ 27

چھوٹے دھبے پائے۔کہا گیا ہے کہ ان زخموں کا تعلق دم گھٹنے سے ہو سکتا ہے۔کوئینز کریمنل کورٹ کے باہر خاتون کے والد، فرینکلن کا بیلو نے کہا کہ اس نے اپنی بیٹی کی گرفتاری کے دوران اس کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کی لیکن اس نے ان کی طرف ایک بار بھی نہیں دیکھا۔دادا نے اپنی پوتی کو ایک ہنس مکھ بچی کے طور پر بیان کیا۔

بقیہ 28

مشرقی ترکستان اسلامک موومنٹ کو سنکیانگ کے لیے خطرہ سمجھتا ہے۔چینی ماہر بین الاقوامی امور ژو یونگ بیاو کے مطابق واخان سرحدی گزرگاہ کھلنے کے امکانات انتہائی کم ہیں، کیونکہ چین کے لیے افغانستان کے ساتھ تجارت کے فوائد کم اور سکیورٹی خطرات اور اخراجات زیادہ ہیں۔

بقیہ 29

گوبر کے حوالے سے کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔بین گویر اسرائیل کے داخلی سلامتی کے وزیر ہیں مگر فلوٹیلا کے ساتھ جانے والیانسانی حقوق کے کارکنوں کے ساتھ ان کا سلوک سخت تنقید کا نشانہ بنا تھا۔اٹلی کو فلوٹیلا کے ساتھ جانے والے اپنے شہریوں کیساتھ تشدد، اغوا اور انہیں زخمی کیے جانے پر شکایات پیدا ہوئی ہیں۔اٹلی کے حکام کے مطابق ان شہریوں کے ساتھ موجود سامان بھی لوٹ لیا گیا تھا۔نیز اکتوبر 2025 اور اپریل و مئی 2026 میں فلوٹیلا کے ساتھ جانے والی چھوٹی چھوٹی کشتیوں کو بھی غزہ جانے سے روک دیا گیا تھا۔

بقیہ 30

کا ازالہ کرنا چاہیے۔انہوں نے خطے کے لیے ایک نئے سکیورٹی نظام کی ضرورت پر زور دیا۔جہاں تک دوحہ میں امریکی اڈے کا تعلق ہے قطری وزارت خارجہ نے وضاحت کی کہ اسے ایران پر حملہ کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا گیا۔اس کے ساتھ ہی انہوں نے روزانہ کی بنیاد پر اور مختلف سطحوں پر خلیجی ہم آہنگی کے جاری رہنے کی تصدیق کی۔

بقیہ 31

اسے بھی قبول نہیں کریں گے۔رپورٹ کے مطابق سابق وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی نے بھی اس اقدام کو مجوزہ یکساں سول کوڈ سے تشبیہ دیتے ہوئے جموں و کشمیر کو بی جے پی کی تجربہ گاہ قرار دیا۔سیاسی مبصرین کا کہنا تھا کہ مودی حکومت کشمیری مسلمانوں کی مذہبی آزادی سلب کر کے تحریک آزادی کو کچلنے کے عزائم میں بھی کامیاب نہیں ہوگی۔

بقیہ 32

رہے۔روکھنہ نے اسرائیل کو دی جانے والی امریکی امداد روکنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اسرائیل کی ایسی امداد بند کر دینی چاہیے جو آبادکاروں کی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہوتی ہے اور ان ہتھیاروں کی فروخت بھی روکنی چاہیے۔انہوں نے جولائی میں پیش آنے والے اپنے ایک واقعے کا بھی حوالہ دیا اور کہا کہ مجھے نیویارک ٹائمز کے ایک فوٹوگرافر کے ہمراہ مغربی کنارے کے علاقے خرب زنوتہ میں اسرائیلی آبادکاروں نے حراست میں رکھا تھا، اس وقت اسرائیلی وزیراعظم نے مجھے جھوٹا قرار دیا تھا۔

بقیہ 33

عرب میں ہوائی اڈوں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے والے متواتر حملوں کی شدید مذمت کی۔دونوں وزرا نے دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تعاون کے تعلقات کا بھی جائزہ لیا اور علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال کی تازہ ترین پیش رفت اور ہم آہنگی اور تعاون کو فروغ دینے کے ایسے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جس سے علاقائی و بین الاقوامی آبی گزرگاہوں میں توانائی کے تحفظ اور جہاز رانی کی آزادی وسلامتی کو یقینی بنانے میں مدد ملے۔

بقیہ 34

بھارت میں انتخابی شفافیت اور جمہوری احتساب کا مطالبہ کیا۔مظاہرین نے انتخابی فہرستوں پر نظرثانی کے خصوصی عمل کو بھی ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔مظاہرین نے بھارتی چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار پر بھی تنقید کی۔

بقیہ 35

زندگیوں کو خطرے میں ڈال رہا ہے۔تنظیم نے بتایا کہ 2.5 ملین سے زیادہ افراد، جن میں تقریباً 1 لاکھ 40 ہزار بے گھر افراد بھی شامل ہیں، اس محاصرے سے متاثر ہو رہے ہیں۔تنظیم نے راستوں اور گزرگاہوں کی مسلسل بندش اور بنیادی امدادی سامان کی آمد میں کمی کی موجودگی میں بحران کے سنگین تر ہونے سے خبردار کیا۔تنظیم نے مزید کہا کہ مقامی حکام نے رہائشیوں کے لیے بنیادی خوراک کی فراہمی کی اپیل کی ہے۔تنظیم نے نشاندہی کی کہ تعز کو غذائی غیر یقینی صورتحال کی انتہائی خطرناک سطحوں کا ایک ایسے وقت میں سامنا ہے جب انسانی ضروریات بڑھ رہی ہیں اور انہیں پورا کرنے کی صلاحیت کم ہو رہی ہے۔تنظیم نے کہا کہ تعز غذائی غیر یقینی صورتحال کے لحاظ سے یمنی گورنوریٹس میں سر فہرست ہے۔اس کے بعد الحدیدہ، حج اور الحویت آتے ہیں۔اس نے خوراک، پانی، ایندھن اور ادویات کی فراہمی اور عسکری کشیدگی کے اثرات سے شہریوں کی حفاظت کے لیے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا۔تنظیم نے ورلڈ فوڈ پروگرام اور اقوام متحدہ کے ادارے برائے خوراک و زراعت کے اعداد و شمار کے حوالے سے بتایا کہ یمن میں تقریباً 18.3 ملین افراد کو شدید غذائی غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہے۔پانچ سال سے کم عمر کے تقریباً 2.2 ملین بچوں کو شدید غذائی قحط کا سامنا ہے جن میں سے لگ بھگ 5 لاکھ بچے انتہائی شدید غذائی قحط کا شکار ہیں۔تنظیم نے خبردار کیا کہ حالات کی مسلسل زبوں حالی خوراک، صحت اور زندگی کے حق کو خطرے میں ڈال رہی ہے۔تنظیم نے ڈونرز اور بین الاقوامی تنظیموں سے انسانی امداد کی فنڈنگ میں اضافے، غذائیت و غذائی تحفظ کے پروگراموں کو تقویت دینے اور روزگار کے ذرائع اور زرعی پیداوار کی حمایت کرنے کی اپیل کی۔تنظیم نے اقوام متحدہ اور اس کے اداروں سے یہ اپیل بھی کی کہ وہ شہر پر عائد پابندیوں کو اٹھانے کے لیے دباؤ ڈالیں اور بغیر کسی رکاوٹ کے انسانی اور طبی امداد کی رسائی یقینی بنائیں۔تنظیم نے اضطراری ردعمل کے ساتھ ساتھ بحران کے معاشی اور انسانی اسباب کے حل کی ضرورت پر زور دیا۔اس نے کہا کہ تیل کی مصنوعات اور پانی کی ترسیل کی مسلسل روک تھام، شہر کے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے والی بمباری کے ساتھ مل کر، ایک انسانی المیے کے وقوع پذیر ہونے کے خطرات کو بڑھا رہا ہے۔تنظیم نے نشاندہی کی کہ گزشتہ دنوں کے دوران عورتوں اور بچوں سمیت شہری جانی نقصان ہوا ہے۔

بقیہ 36

میں دیکھے گئے تھے جہاں ان ممالک کے طلبہ نے ۔اٹلی میں اپنے ہم منصبوں کی طرح۔تعلیم کی صورتحال پر شدید غصے کا اظہار کیا تھا۔متعدد مظاہرین نے اٹلی میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت حاصل کرنے والے غیر ملکی طلبہ کی تعداد کی حد مقرر کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔دوسروں نے اطالوی دفاعی بجٹ کی مہنگائی کے خلاف احتجاج کیا اور عسکری اخراجات کے بجائے ان فنڈز کو تعلیمی شعبے کی طرف منتقل کرنے کا مطالبہ کیا۔روم میں طلبہ نے وزارت تعلیم کی طرف مارچ کیا جہاں انہوں نے وزارت کی عمارت کی طرف پٹاخے اور دھوئیں والے بم پھینکے۔

بقیہ 37

تحفظ آئین پاکستان، سربراہ بلوچستان نیشنل پارٹی اختر جان مینگل، وائس چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان سربراہ سندھ یونائیٹڈ پارٹی سید زین شاہ اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے دیگر رہنماء اراکین کے ہمراہ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات اس بنیاد پر ہوں گے کہ منتخب پارلیمنٹ ہی طاقت کا سرچشمہ ہوگی۔تمام داخلی اور خارجہ پالیسیاں منتخب پارلیمنٹ میں ہی وضع کی جائیں گی۔پشتون وطن کو اللہ پاک نے جو وسائل عطا کیے ہیں، ان پر پہلا حق وہاں کے عوام کا تسلیم کیا جائے۔اسی طرح بلوچ وطن میں اللہ پاک نے جو نعمتیں پیدا کی ہیں، ان پر پہلا حق بلوچستان کے عوام اور ان کے بچوں کا ہو۔یہی اصول پنجاب اور سندھ کے لیے بھی ہے۔افواج پاکستان، دنیا کی دیگر افواج کی طرح، آئین کے متعین کردہ دائرہ کار میں رہ کر اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ہر ادارہ، چاہے وہ عدلیہ ہو، صحافت ہو یا سیاست، اپنا اپنا کام کرے، لیکن آئین کی بالادستی قائم رہے اور تمام پالیسیاں حقیقی منتخب پارلیمنٹ کے ذریعے ہی بنائی جائیں۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ خیبر پشتونخوا کی عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ہم نے فیصلہ کیا کہ اس فیصلے کو ہم کسی عدالت میں چیلنج کریں۔یہ ایک ظالمانہ، غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر اسلامی اقدام ہے۔یہ سب بدمعاشی کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔وہ جو بھی بہانے کریں، ان کی مرضی۔ہم پشاور اور تمام پشتونخوا کے عوام کو، چاہے وہ ہزارہ کے ہوں یا گلگت بلتستان کے، سب جانتے ہیں کہ انتخابات کیسے ہوئے۔یہ حالیہ انتخابات، 24 کے انتخابات، 24 کروڑ انسانوں کو دہشت زدہ کر کے، بندوق اور پیسے کے زور پر، اقتدار پر قبضہ کیا گیا۔دنیا جانتی ہے، خدا جانتا ہے کہ یہ انتخابات عمران خان کی پارٹی جیت چکی تھی۔اس جرم کی سزا دینے کے لیے حکومت یہاں تک گئی کہ عدالت کے ذریعے تحریک انصاف سے ان کا نشان چھین لیا گیا۔پارٹی پر پابندیاں بھی لگائیں۔اس کے باوجود انتخابات میں تحریک انصاف کے جوانوں نے کمال دکھایا۔کم از کم اس صوبے میں ان کی ایک نہ چلی۔باقی پاکستان میں بالکل زور اور پیسے کی بنیاد پر، کروڑوں روپے ایک ایک آدمی کو دے کر اسمبلیاں خریدی گئیں۔اسمبلی میں تحریک انصاف کے 97 سے اوپر ممبر تھے۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کے 97 سے اوپر ممبر تھے۔تین چار مہینے میں 97 سے ان کو 74 یا 75 پر نکال دیا گیا۔گوہر ایوب کے لڑکے کو نکال دیا گیا، فلانے کو نکال دیا گیا، بڑی بوڑھی عورتوں کو 50،50 سال جیل، 60،60 سال جیل۔قاتل کی سزا 20 سال ہوتی ہے۔اگر کوئی آدمی قتل کرے اور اس کو پھانسی نہ ہو، تو اس کی سزا 20 سال ہوتی ہے۔یہاں غریب بوڑھی عورتیں، میری عمر کے مرد جیلوں میں پڑے ہیں۔صرف گناہ ان کا یہ ہے کہ انہوں نے الیکشن جیتا ہے، اور حکومت وقت ان کے الیکشن کو نہیں مانتی۔اس سلسلے میں ہم آپ سے اظہار یکجہتی کے لیے آئے ہیں۔یہ وقت بیٹھنے کا نہیں ہے، یہ وقت حق انتخاب کو بچانے کا ہے۔مسئلہ یہ ہے انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ بلوچستان میں، خیبر پشتونخوا میں، فاٹا میں جو اللہ پاک نے ہمیں نعمتیں دی ہیں ان پہ وہ قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور بالکل بندوق کے زور پہ وہ لوٹنا چاہتے ہیں۔کوئی گناہ نہیں کیا، نہ وزیرستان میں کسی نے کوئی گناہ کیا ہے، نہ باجوڑ میں کسی نے کوئی گناہ کیا ہے، فاٹا کو جس انداز میں، ایک منٹ میں، میں اسمبلی میں بیٹھا ہوا تھا، نہ اسمبلی کے اس فورم پہ یہ لکھا تھا کہ فاٹا کو ضم کیا جا رہا ہے، نہ پروگرام میں تھا، یہ اسپیکر آیا اس نے اعلان کیا کہ جی، بس فیصلہ ہوا ہے کہ فاٹا کو خیبر پشتونخوا میں شامل کیا جائے۔جس انداز میں شامل کیا گیا، وہ، ہم نے مخالفت کی تھی۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ یہ جو ایمر جنسیاں لگی ہیں فلاں ضلع میں، فلاں ضلع میں، یہ غیر آئینی ہے، غیر قانونی ہے، غلط ہے، اور ناروا ہے۔ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم بندوق نہیں اٹھائیں گے، ہم کسی کو ماں باپ کی گالیاں نہیں دیں گے، اور ہم کسی کو پتھر نہیں ماریں گے، لیکن یہ ہمارا پختہ فیصلہ ہے۔اختر جان مینگل، سردار عطاء اللہ خان مینگل کے صاحبزادے ہیں اور ان کی اپنی پارٹی ہے۔یہ ان کے سیکرٹری صاحب ہیں، سید صاحب کے نواسے ہیں، ان کی بھی اپنی پارٹی ہے۔علامہ صاحب اور ہم سب، تحریک تحفظ آئین پاکستان کا حصہ ہیں جو ہماری مشترکہ پارٹی ہے۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ مسائل اسی لیے پیدا ہو رہے ہیں کہ کہا جا رہا ہے کہ یہ لوگ مخالفت کر رہے ہیں۔ہم مذاکرات کے لیے تیار ہیں، بسم اللہ، اللہ اکبر! آئیں مذاکرات کریں۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان کے حوالے سے دنیا بھر میں، امریکہ سے لے کر زمبابوے تک، کہیں بھی کسی قیدی کی ملاقات پر ایسی پابندی نہیں ہے۔چاہے کوئی بدترین قاتل، ڈاکو، بدکار یا منشیات فروش ہی کیوں نہ ہو، اس کے وکیل، والدین، دوستوں اور ساتھیوں کو اس سے ملاقات کی اجازت ہوتی ہے، مگر عمران خان پر یہ پابندی عائد ہے۔مزید ظلم یہ ہے کہ انہیں قید میں معاہدہ کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، اور کسی بھی قیدی کو معاہدے کے لیے مجبور کرنا ایک مجرمانہ فعل ہے۔ماضی میں بالکل یہی سلوک اٹک جیل میں میاں محمد نواز شریف کے ساتھ بھی کیا گیا، جب انہیں ہتھکڑیاں لگا کر جہاز میں بٹھایا گیا اور دس سال کے لیے سعودی عرب بھیج دیا گیا۔محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا۔مگر بدقسمتی دیکھیے کہ آج میاں صاحب اور بے نظیر کی پارٹیاں اسی انداز میں خیبر پشتونخوا کی حکومت پر حملہ آور ہیں جیسے اس سانپ نے کیا تھا جس نے کبھی انہیں ڈسا تھا۔خیبر پشتونخوا کی یہ واحد حکومت تھی جو عوام کی طاقت سے بنی تھی، اور یہ بات انہیں کھٹکتی تھی جس کی وجہ سے انہوں نے اس پر حملہ کر دیا۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ آج میاں صاحب اور بے نظیر کی پارٹی، جس سانپ نے انہیں ڈسا تھا، اسی انداز میں خیبر پشتونخوا پر حملہ آور ہوئی ہیں۔یہ واحد حکومت تھی جو عوام کی طاقت سے بنی تھی۔یہ بات انہیں کھٹکتی تھی اور انہوں نے کسی نہ کسی طریقے سے اس پر حملہ کرنا تھا، جو کہ انہوں نے کر دیا۔ہم اس حملے کے خلاف آپ کے صوبے اور آپ کے عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے آئے ہیں، یہ ہمارا فیصلہ ہے۔ہم آپ سے بھی اپیل کرتے ہیں۔پرسوں یہاں باڑہ میں معصوم بچوں پر گولیاں چلائی گئیں، آخر کیوں؟ ایک نہیں، بارہ تیرہ ... ایک بچہ زخمی ہوا اور ایک بچہ شہید ہو گیا۔کیا ہم نے بچے اس لیے پیدا کیے ہیں کہ آپ انہیں گولیاں ماریں؟ قرآن کریم کی آیت مبارکہ ہے کہ کسی کے خلاف بلند آواز میں غلط زبان استعمال کرنا درست نہیں، سوائے مظلوم کے، جسے یہ حق حاصل ہے۔آپ مجھ سے میرا مینڈیٹ چھینیں، آپ میرے حقوق سلب کریں، اور مجھے جلسے جلوس کا موقع بھی نہ دیں۔کیا آپ مجھے گولی ماریں گے؟ خدا کو مانیں اور اس ملک پر رحم کریں۔یہ تو خوش قسمتی ہے کہ یہاں کے عوام نے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کیا کہ ہم تمہاری بندوق کا جواب بندوق سے دیں گے۔جس دن یہ فیصلہ ہوگا، کچھ نہیں رہے گا، کچھ نہیں رہے گا، نہ پاکستان رہے گا نہ کچھ رہے گا۔رحم کریں پاکستان پر! اب بھی جو آرڈر تم لوگوں نے کیا ہے، پیچھے کر دیں۔ایک وزیراعلیٰ کو آپ نے گرفتار کیا ہے، ایم این ایز، ایم پی ایز، کسی کو پتہ نہیں ہے۔کیوں؟ ایسے بے مالک ہو گیا ہے یہ وطن؟ کہ ہمیں یہ بھی نہیں بتایا جا رہا کہ ہمارا وزیراعلیٰ کہاں ہے؟ ہمیں یہ بھی نہیں بتایا جا رہا کہ ہمارے ایم این ایز کہاں ہیں؟ ہمیں یہ بھی نہیں کہا جا رہا کہ ہمارے ایم پی ایز کہاں ہیں؟ یہ ہمارا وطن ہے، مشترکہ وطن ہے۔اس ملک پر رحم کریں۔اب بھی آپ نے جو احکامات جاری کیے ہیں، انہیں واپس لے لیں۔پشتون وطن، پشتونوں اور یہاں کے رہنے والوں کا ہے۔اگر آپ اس ملک کو چلانا چاہتے ہیں تو پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی سمیت سب کو ساتھ ملا کر چلیں۔ان کے علاقوں میں ان کی صوبائی خود مختاری کا احترام کریں اور ان کی زبانوں کو عزت دیں۔ایسا کرنے سے پاکستان ایک بہترین ملک بن جائے گا۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم لڑنے والے لوگ ہیں، لیکن اپنے ہی لوگوں کے خلاف بندوق اٹھانا مشکل ہے، لیکن کب تک؟ مثال کے طور پر، اگر وزیرستان میں سونا ملتا ہے، تو بسم اللہ، دو چار بھینسیں ذبح کر دو، خیرات کرو، ڈھول بجاؤ کہ ہمارے علاقے میں سونا نکل آیا ہے۔اس پر وزیرستان کے عوام کا حصہ رکھو، ہم آپ کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔آپ اسے چین، امریکہ، یا روس کو بیچتے ہیں، ان کا حصہ انہیں دو، ہمیں ہمارا حصہ دو، ہم آپ کے لیے کام کریں گے۔ہمارے فاٹا کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ یہ "نومینز لینڈ" (No Man's Land) ہے۔یہ ہمارے لوگوں کے ساتھ مذاق ہے، پشتونخوا وطن کا ایک ایک پتھر قبیلوں اور خاندانوں میں تقسیم شدہ اور تسلیم شدہ ہے۔یہاں تک کہ بوڑھی عورتوں کو بھی معلوم ہے کہ کس پہاڑی کے پیچھے ان کے قبیلے کی زمین نہیں ہے اور کس پہاڑی تک ان کی زمین کی حدود ہیں۔کیا آپ اس وطن پر بندوق کے زور پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں؟ خدا کو مانیں۔اس سرزمین پر سکندر، مغل اور منگول ڈوبے ہیں۔یہاں انگریزوں کی قبریں بنی ہیں اور وہ بڑی مشکل سے یہاں سے نکل پائے ہیں۔امریکہ اور روس کا جو حشر یہاں ہوا ہے، خدارا اپنی افواج کا وہ حشر نہ کریں۔اس ملک پر رحم کریں۔قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہمارے وطن پہ غیر آئینی، غیر قانونی حملہ ہوا ہے۔اور اس کے پیچھے۔۔ارادہ یہ ہے کہ یہاں آپ نے پتہ نہیں امریکہ کو بیچ دیے ہمارے مائنز، منرلز، ہمارے جنگل، ہمارے وہ۔جس کو بھی بیچے، ان کو بھی ہم کہتے ہیں۔امریکہ کو بھی ہم ریکوئیسٹ کرتے ہیں۔

بقیہ 38

گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔سانحہ کارساز پر پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں پاکستان کی قومی تاریخ کا روشن باب ہیں۔شہید محترمہ بینظیر بھٹو جان کو لاحق خطرات کے باوجود ثابت قدم رہیں، ان کی جرات اور قربانی جمہوریت، امن اور انصاف کے علمبرداروں کے لیے مشعل راہ ہے۔صدر زرداری نے کہا کہ آئین کی بالادستی، عوام کی حکمرانی اور جمہوری اقدار کا تحفظ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیوں کا تقاضا ہے۔سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔صدر مملکت نے سانحہ کارساز کے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی اور کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے پرامن، جمہوری اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے عزم کا سرچشمہ رہیں گی۔

بقیہ 39

حکمت عملی کا ثبوت ہے۔اپنے بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔پنجپائی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کا مظہر ہے، جس پر وہ سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی ایک اہم کامیابی ہے، جبکہ خضدار میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 490 کلوگرام دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی دہشت گردی کے ممکنہ خطرات کے تدارک کی جانب اہم پیش رفت ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور حکومت ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست دشمن عناصر بلوچستان کے امن اور عوام کے معمولات زندگی کو متاثر کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔وژن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ پائیدار امن کے قیام کے لیے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کی خاتمہ اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر کارروائی ضروری ہے۔حکومت بلوچستان امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 40

خارجہ کونسل کے اجلاس سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی معاملات اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر اسحاق ڈار نے علاقائی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ان کا کہنا تھا کہ پیچیدہ علاقائی مسائل کے حل اور کشیدگی میں کمی کے لیے سفارتی کوششیں اور مسلسل رابطے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ترجمان کے مطابق گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال اور باہمی مشاورت کے لیے قریبی رابطے برقرار رکھے جائیں گے۔دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان یہ رابطہ خطے میں پیش رفت پر تبادلہ خیال اور سفارتی روابط جاری رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے

بقیہ 41

میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، سینیٹر جان محمد، سینیٹر مسعل اعظم، سینیٹر ناصر محمود، اور سینیٹر محمد طلحہ محمود کی تحاریک پر بحث کی تجاویز پیش کریں گے۔اجلاس میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، سینیٹر محمد طلحہ محمود، سینیٹر محمد اعظم خان سواتی اور سینیٹر ڈاکٹر زرقہ سہروردی تیمور کی جانب سے قراردادیں منظوری کے لیے پیش کریں گی۔

بقیہ 42

نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کر دیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے اتوار کو دانش سکول کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے کلاس رومز، سائنس، آئی ٹی اینڈ روبوٹکس لیبز اور آرٹ روم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے طلبہ کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے دانش سکول میں زیر تعلیم بچوں اور بچیوں سے ملاقات کی اور طلبہ سے شفقت بھری گفتگو کی۔وزیراعظم نے مشکل حالات کے باوجود تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے جذبے کو سراہا۔اس موقع پر بچوں نے وزیراعظم کو اپنے درمیان پا کر خوشی کا اظہار کیا۔قبل ازیں، وزیراعظم کو دانش سکول کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ دانش سکول اسلام آباد 30 ایکڑ رقبے پر قائم کیا گیا ہے، طلبہ اور طالبات کیلئے الگ الگ اکیڈمک بلاکس بنائے گئے ہیں، ہر بلاک میں 24 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس اور روبوٹکس لیبز بنائی گئی ہیں۔اسی لائبریری اور آرٹ روم بھی بنائے گئے ہیں، سکول میں کلاسز ششم، ہفتم اور ہشتم سے شروع کی گئی ہیں اور ہر کلاس میں 120 بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملک کے مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچوں کو سو فیصد میرٹ پر داخل کیا گیا ہے، 38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے اور ضرورت کے مطابق تدریسی سٹاف میں اضافہ کیا جائے گا۔اس موقع پر وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 43

دوست باپ کی بیٹی ہے، غریب والد کے پاس بیٹی کی تعلیم کے لئے مالی وسائل نہیں تھے۔وزیراعظم نے کہا کہ محنت کش والدین شدید گرمی اور سردی میں حلال روزی کماتے ہیں، محدود آمدن کے باعث والدین بچوں کی تعلیم اور صحت کے اخراجات پورے نہیں کر پاتے، پاکستان کے لاکھوں ذہین اور باصلاحیت نوجوانوں کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ مالی وسائل کی کمی ہے، ہمارے نوجوان غیر معمولی ذہانت کے مالک، جذبے اور زندگی سے بھرپور ہیں، پاکستانی نوجوانوں نے اپنی زندگیاں بدلنے اور ملک کی تقدیر سنوارنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، نوجوان اپنی ذہانت، محنت اور انتھک کوششوں سے پاکستان کو اقوام عالم میں نمایاں مقام دلا سکتے ہیں، مالی مشکلات کی وجہ سے کسی ذہین بچے کو معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔شہباز شریف نے کہا کہ مالی مشکلات کی وجہ سے غریبوں کے بچے ایچی سن جیسے اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے، اس ویژن کے تحت 2010 میں دانش سکول جیسے تعلیمی ادارے کی بنیاد رکھی، دانش اسکولز کے قیام کا بنیادی مقصد بچوں کو یکساں معیاری تعلیمی کے مواقع فراہم کرنا تھا، اشرافیہ کی طرح غریب خاندانوں کے بچوں کو بھی تعلیم کے برابر مواقع ملنے چاہئیں، دور دراز علاقوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے لاکھوں ذہین بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے ہیں، انتہائی ذہین اور باصلاحیت ہونے کے باوجود غریب خاندانوں کے بچے اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی کا تصور بھی نہیں کر سکتے، اسی ویژن کے تحت دانش اسکولز کے نام سے ایک تعلیمی ادارے کی بنیاد رکھی، وزیراعظم ہمارا عزم ہے کہ دانش اسکولز معروف اداروں سے بھی بہتر ثابت ہوں، بہاولپور سے تعلق رکھنے والی ہونہار بچی نے اپنے عزم، ہمت اور جذبے سے تعلیم حاصل کی اور آج وہ ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کر رہی ہے، وزیراعظم نے کہا کہ دانش اسکولز کا تصور محروم طبقات کے بچوں کو معیاری تعلیم اور دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے متعارف کرایا گیا، قائداعظم محمد علی جناح کے پاکستان میں انصاف، میرٹ، محنت اور مساوات کو بنیادی اہمیت حاصل ہونی چاہیے، انصاف، میرٹ اور مساوی مواقع پر مبنی معاشرہ قیام پاکستان کی اساس ہے، ہمارے آباؤ اجداد نے ایک بہتر اور خوشحال پاکستان کیلئے 1947 میں ہجرت کی، ہمیں خود احتسابی کرنا ہوگی کہ ہمارے بزرگوں نے جو خواب دیکھا تھا ہم اس منزل کے کتنا قریب ہیں، دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیوں اور جدوجہد کی داستانوں نے شرکاء کو جذباتی کر دیا، دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیاں دوسروں کے لئے مثال ہیں، طلبہ کی کامیابیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ مواقع ملنے پر محروم طبقات کے بچے بھی آگے بڑھ سکتے ہیں، بلوچستان سے تعلق رکھنے والے طالب علم نے دانش اسکول میں تعلیم حاصل کر کے کامیابی کی مثال قائم کی، بلوچستان سے آنے والے طالب علم کے خدشات دانش اسکول میں محبت، مساوات اور اپنائیت کے ماحول سے دور ہو گئے، دانش اسکولز میں بلوچستان، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے طلبہ ایک ساتھ تعلیم حاصل کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ دانش اسکولز نے ثابت کیا کہ پاکستانی قوم رنگ، نسل اور صوبائی تفریق سے بالاتر اور ایک ہے، دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیوں پر ان کے والدین اور اساتذہ خراج تحسین کے مستحق ہیں، دانش اسکولز کے طلبہ نے ثابت کیا کہ محنت اور مواقع ملنے پر غربت کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں رہتی، قائداعظم کے پاکستان میں کراچی سے پشاور تک ہر بچے اور بچی کو تعلیم اور ترقی کے مساوی مواقع میسر ہونے چاہئیں، غریب کی بیٹی ہو یا مزدور کا بیٹا، یتیم بچہ ہو یا امیر خاندان سے تعلق رکھنے والا طالب علم، سب کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں، جب تک ہر بچے کو تعلیم اور ترقی کے یکساں مواقع نہیں ملتے، قائداعظم کے پاکستان کا خواب مکمل نہیں ہوگا۔وزیراعظم نے علامہ اقبال کے شعر کا حوالہ دیا کہ ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز، نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز، اور کہا کہ دانش اسکولز کے منصوبے کو کامیاب بنانے میں وفاقی وزرا، وزارت تعلیم، متعلقہ حکام اور انتظامیہ کی کوششیں قابل تحسین ہیں، دانش اسکولز کے منصوبے کے لئے وسائل فراہم کرنے اور شبانہ روز محنت کرنے والی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، دانش اسکولز کا منصوبہ پنجاب سے نکل کر اب پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے، ملک کے مختلف علاقوں میں دانش اسکولز زیر تعمیر ہیں، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا میں دانش اسکولز کا نیٹ ورک وسعت اختیار کر رہا ہے، دانش اسکولز میں شمالی وزیرستان، کرک، ڈیرہ اسماعیل خان، پنجاب، سندھ، بلوچستان اور گلگت بلتستان کے طلبہ زیر تعلیم ہیں، دانش اسکولز کا تعلیمی نیٹ ورک پورے پاکستان کے بچوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، دانش اسکولز کا یہ گلستان پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں علم کی خوشبو پھیلا رہا ہے، دانش اسکولز کا تعلیمی خاندان مستقبل میں ایک بڑے قومی تعلیمی نیٹ ورک کی شکل اختیار کرے گا، دانش اسکولز میں جدید آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریز قائم کی جائیں گی۔وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید علوم، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کر کے عالمی سطح پر کامیابی کے مواقع فراہم کرنا چاہتے ہیں، پاکستانی نوجوان امانت، محنت اور دیانت کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں۔وزیر اعظم نے کہا کہ ایسے بچوں کی کامیابی اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ صلاحیت اور ذہانت کسی مخصوص طبقے کی میراث نہیں۔ضرورت اس بات کی ہے کہ بچوں کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں، خواہ ان کا تعلق ملک کے امیر ترین خاندان سے ہو یا ایسے گھرانے سے جس نے زندگی کی مشکلات میں اپنے والدین کو کھو دیا ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں لاکھوں بچے ایسے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کے والدین کھیتوں اور کھلیانوں میں شدید گرمی اور سردی کے باوجود محنت کرتے ہیں، لیکن ان کی آمدن سے گھر کے اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ایسے حالات میں بچوں کی تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا ان خاندانوں کے لیے بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں تعلیم اور ترقی کے مواقع کسی بچے کی دولت یا خاندانی پس منظر سے مشروط نہیں ہونے چاہئیں۔انہوں نے دانش اسکولوں کو ایسے بچوں کے لیے امید کی کرن قرار دیا جو مناسب مواقع ملنے پر نہ صرف اپنی زندگیاں بدل سکتے ہیں بلکہ ملک و قوم کی ترقی اور انسانیت کی خدمت میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔تقریب میں طلبہ، والدین، اساتذہ، وفاقی وزرا، سفارت کاروں اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 44

اسلحہ و بارود برآمد کر لیا گیا۔کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے۔کوئٹہ کے علاقے پنجپائی میں کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے ٹریفک روکنے کی کوشش کرنے والے 5 بھارتی سرپرست یافتہ دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا۔نوشکی میں دہشتگردوں کو ٹھکانہ تباہ کر دیا گیا۔فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 دہشتگرد ہلاک، بڑی تعداد میں اسلحہ اور بارود برآمد کیا گیا۔خضدار میں بڑا آپریشن ناکام: فورسز کی بروقت کارروائی سے ایک دہشتگرد ہلاک، 490 کلوگرام وزنی دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا۔ترجمان پاک فوج کے مطابق عزم استحکام کے تحت کارروائیاں جاری ہیں۔ملک سے بیرونی حمایت یافتہ دہشتگردی کے خاتمے تک آپریشنز پوری رفتار سے جاری رہیں گے۔ادھر ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں تین مختلف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران آٹھ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔صدر زرداری نے کوئٹہ کے علاقے پنجپائی میں مقامی ٹریفک میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنانے اور دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔صدر مملکت نے نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف مؤثر کارروائی اور دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔صدر نے خضدار میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنانے اور 490 کلوگرام دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کی تعریف کی اور کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 1

سے دبایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز کی قربانیاں جمہوری جدوجہد کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ شہداء کے خون سے ملک میں آمریت کے خاتمے اور جمہوریت کی بحالی کی راہ ہموار ہوئی۔ آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی اپنے شہداء کے مشن پر کاربند ہے۔۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ شہدائے کارساز کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ پاک تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے ویژن کے مطابق جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 2

یافتہ 5 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نوشکی میں کلیئرنس آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کا سراغ لگا کر مؤثر کارروائی کی گئی، جس کے نتیجے میں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد بھارت کے حمایت یافتہ 2 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ بار یوسفزئی کے مطابق خضدار میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا گیا، جس میں بھارت کا حمایت یافتہ ایک دہشت گرد ہلاک ہوا جبکہ 490 کلوگرام دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا۔ معاون برائے محکمہ داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی کے منصوبوں کو ناکام بنانے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون

کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا اس عزم کی تجدید ہے کہ جمہوریت، امن اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 9

بڑے سرمایہ داروں کے باوجود 1350 یتیموں کی کفالت میں 1000 بچوں کی کفالت پنجاب کے مخیر حضرات کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام "تعلیم سب کے لیے" تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن وجماعت اسلامی کے زیر کفالت مختلف اداروں میں پڑھنے والے خواتین وطلباء طالبات یتیم بچوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں طلباء واساتذہ میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مزید کہاکہ بلوچستان کے بچوں کی منزل پہاڑ نہیں، ناخواندگی بے روزگاری بدامنی نہیں بلکہ تعلیم ترقی وخوشحالی اور امن وانصاف ہے۔ نوجوان کلاشنکوف، بے راہ روی چھوڑ کر قلم کتاب اٹھائیں، تعلیم حاصل کریں اور ترقی کے سفر میں شامل ہوں۔ اگر ملک میں حقیقی انصاف اور اسلامی اصولوں پر مبنی نظام ہوتا تو کسی نوجوان کو مایوسی کے باعث پہاڑوں کا رخ نہ کرنا پڑتا۔ ہم چاہتے ہیں کہ پارلیمنٹ اور بازاروں میں ظلم وناانصافی کا راستہ روکا جائے اور نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جماعت اسلامی غریب عوام کی جماعت ہے، ہم محض جذباتی تقریروں پر نہیں بلکہ عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔

بقیہ 10

کوئٹہ: آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر میر عبدالسلام لانگو ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہدائے کارساز کی قربانیاں جمہوری جدوجہد کا ناقابل فراموش باب ہیں، میر محمد صادق عمرانی

18 اکتوبر 2007 سانحہ کارساز جمہوریت کیلئے دی گئی عظیم قربانیوں کا دن ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے 18 اکتوبر 2007 سانحہ کارساز کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 18 اکتوبر پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کارساز کے مقام پر نہتے کارکنوں پر ہونے والا حملہ دراصل جمہوریت اور جمہوری اقتدار پر حملہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز میں 170 سے زائد جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ثابت کیا کہ عوامی طاقت کو بندوق اور بارود (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

کوئٹہ: مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق سینیٹر سعید الحسن مندوخیل اور رکن اسمبلی شیخ جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزراء حاجی علی مدد جتک، میر ضیاء لانگو اور سردار میر کوہیار خان ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

پاک ایران بارڈر کی عارضی بندش کے حوالے سے سوشل میڈیا پر افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں، شاہد رند

بارڈر کی عارضی بندش کا بنیادی مقصد دونوں اطراف سیکورٹی خدشات کا ازالہ، اسمگلنگ کی روک تھام اور سرحدی امور کی مؤثر نگرانی کے لیے ایک مربوط نظام وضع کرنا ہے

انتظامی معاملات کو درست خطوط پر استوار کرنے اور درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس کے نتیجے میں پاک ایران بارڈر جلد کھلنے کا امکان ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ پاک ایران بارڈر کی عارضی بندش کے حوالے سے سوشل میڈیا پر مختلف افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں، جن کے تناظر میں عوام کو حقائق سے آگاہ رہنا چاہیے۔ بارڈر کی عارضی بندش کا بنیادی مقصد دونوں اطراف سیکورٹی خدشات کا ازالہ، اسمگلنگ کی روک تھام اور سرحدی امور کی مؤثر نگرانی کے لیے ایک مربوط نظام وضع کرنا ہے۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سرحدی انتظامات کو بہتر بنانے اور متعلقہ مسائل کے حل کے لیے دونوں اطراف اعلیٰ حکام کے درمیان مثبت پیش رفت جاری ہے۔ انتظامی معاملات کو درست خطوط پر استوار کرنے اور درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7پر)

قومی سلامتی اور عوام کے تحفظ کیلئے فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر ہے، بابر یوسفزئی

مختلف اضلاع میں 8 دہشت گردوں کا خاتمہ اور دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی دہشت گردی کے خلاف اہم کامیابیاں ہیں

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں سیکورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بنیادوں پر کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ تینوں اضلاع میں مجموعی طور پر 8 دہشت گردوں کا خاتمہ اور بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی دہشت گردی کے خلاف اہم کامیابیاں ہیں۔ اپنے بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ پنجپائی میں دہشت گردوں کی جانب سے مقامی ٹریفک کی روانی روکنے کے لیے سڑکوں پر کاٹیں کھڑی کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے بروقت کارروائی میں بھارت کے حمایت (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

سانحہ کارساز کی قربانیاں ہمیشہ دلوں میں زندہ، ہمارے مشن کی رہنمائی کرتا رہے گا، علی مدد جتک

سانحہ کارساز کے شہداء کو سلام عقیدت، جمہوریت کے لیے دی جانے والی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، صوبائی وزیر

بہادر جیالوں نے اپنے لہو سے جمہوریت کی شمع کو روشن رکھا اور ثابت کیا کہ عوام کے حقوق، جمہوری اقدار اور اصولوں کی بالادستی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایک ایسا المناک باب ہے جس کے زخم آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہیں۔ اس سانحے میں جمہوریت، عوامی حقوق اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو سے والہانہ محبت کے جذبے سے سرشار پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالوں اور کارکنوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے تاریخ میں لازوال قربانیوں کی مثال قائم کی۔ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں ہماری جمہوری جدوجہد کا قیمتی اثاثہ ہیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان بہادر جیالوں نے اپنے لہو سے جمہوریت کی شمع کو روشن رکھا اور ثابت کیا کہ عوام کے حقوق، جمہوری اقدار اور اصولوں کی بالادستی کے لیے کسی بھی (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7پر)

کسی بھی سرحد سے دراندازی ناقابل برداشت ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر

وطن کی حفاظت کیلئے قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ مشرقی اور مغربی سرحدوں سے کسی بھی قسم کی دراندازی، دہشت گردی یا ملکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ افواج پاکستان ملک کی سرحدوں کے دفاع، علاقائی سالمیت کے تحفظ اور دشمن کی ہر جارحانہ کارروائی کا مؤثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ قومی سلامتی کے حوالے سے افواج پاکستان کا دوٹوک مؤقف اس عزم کا اظہار ہے کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں غفلت کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا، قائم لاشاری

پشین (آن لائن) ڈویژنل کمشنر پشین قائم خان لاشاری نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، سردارزادہ فیصل خان جمالی

پیپلز پارٹی نے جمہوریت کے استحکام، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے 18 اکتوبر سانحہ کارساز کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ 18 اکتوبر 2007 کو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں ہونے والا دہشت گرد حملہ جمہوری تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز میں شہید ہونے والے جیالوں اور کارکنوں نے جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش باب ہیں، میر عبیداللہ گورگیج

18 اکتوبر کے شہداء نے جمہوریت، عوامی حقوق اور جمہوری جدوجہد کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر عبیداللہ گورگیج نے 18 اکتوبر سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایک دردناک اور ناقابل فراموش واقعہ ہے، جس میں جمہوریت، عوامی حقوق اور ملک میں جمہوری نظام کے استحکام کے لیے جدوجہد کرنے والے بے شمار کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007ء کو محترمہ شہید بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں پیش آنے والے سانحے نے پوری (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

پنجگور پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور پولیس تھانہ سٹی کی کارروائی، اسلحے کے خلاف کریک ڈاؤن ملزم اسلحہ سمیت گرفتار (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7پر)

سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان کی ہدایت پر اسسٹنٹ پی ٹی اے جان محمد حسنی جیل نور کوچز ٹرمینل میں سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا المناک واقعہ ہے، پیپلز پارٹی بلوچستان

جمہوریت سے وابستگی، سیاسی استقامت اور قومی عزم کی ایسی داستان رقم کی جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن و مرکزی رہنما سید اقبال شاہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر اول میر ریاض شاہوانی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی، شاہ اللہ جتک، اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، عزیز لانگو، کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری نعمت اللہ لاسی، ایوب آغا، اکرم گل، مٹھا خان عمرانی اور دیگر نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7پر)

شہدائے کارساز کی قربانیاں جمہوریت سے وفاداری کی روشن مثال ہیں، امیر حمزہ خان زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سانحہ کارساز کی 19 ویں برسی پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے آمریت کے خلاف جدوجہد، آئین کی بالادستی اور عوام کے جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دیں۔ سانحہ کارساز کے شہداء نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ ...

سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا دردناک واقعہ ہے، سینیٹر شیخ بلال مندوخیل

سانحہ کارساز جمہوریت، عوامی حقوق اور پاکستان کی بقا کی جدوجہد میں ایک ناقابل فراموش باب ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سینیٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، قائمہ کمیٹی برائے تجارت اور اوورسیز پاکستانی کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک دردناک واقعہ ہے، جس میں جمہوریت، عوامی حقوق اور ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کے لیے جدوجہد کرنے والے کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ یہ سانحہ ہمیں اس عزم کی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی کا سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 18 اکتوبر 2007 کے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز پاکستان کی تاریخ کا ایک دردناک باب ہے، جس میں جمہوریت کے لیے جدوجہد کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں ...

سانحہ کارساز جمہوریت کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، نواب ثناء اللہ زہری

180 سے زائد جیالوں نے جمہوریت کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے سانحہ کارساز کی 19 ویں برسی کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے 180 سے زائد جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے جمہوریت کی بقا اور استحکام کے لیے عظیم قربانی دی۔ سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007 کو کراچی میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے استقبالی جلوس (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

ماضی کی غلط پالیسیوں اور تلخ تجربات سے سبق سیکھنے کے بجائے غلطیوں کو دہرانا دانشمندی نہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کچھی میں امن وامان کی صورتحال باعث تشویش ہے، سردار یار محمد رند

کچھی اور جھل مگسی میں فائرنگ کے مختلف واقعات، ایک خاتون جبکہ قبائلی رہنما زخمی

... ایک قبائلی رہنماء زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق کچھی بھاگ ناڑی صدر پولیس تھانے کی حدود گوٹھ پیر تیار غازی کلہواڑ میں مبینہ طور پر شوہر نے غیرت کے نام پر اپنی بیوی کا گلہ دبا کر قتل کر دیا اور موقع واردات سے فرار ہو گیا واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)

انقلابی جدوجہد مخلصانہ خدمات میں متحرک حضرات ساتھ دیں، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

تحصیل نال کے علاقے بیسار میں مائنز پر کام کرنے والے متعدد مزدور اغوا

... تفصیلات کے مطابق تحصیل نال کے علاقے بیسار میں گزشتہ شب مسلح افراد نے سردارزادہ شاہ میر بزنجو ولد سردار محمد اسلم بزنجو کی مائنز پر کام کرنے والے متعدد مزدوروں کو اغوا کر لیا۔ جبکہ ایک شخص زخمی ہوا زخمی ہونے والے شخص کا نام راشد ولد غلام اللہ قوم بزنجو عمر (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7پر)

گوادر سیکرٹری میری ٹائم افیئرز کیپٹن (ر) محمد خرم آغا گوادر پورٹ کے جاری ترقیاتی منصوبوں اور تجارتی سرگرمیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام سانحہ کارساز کے شہدا کیلئے پریس کلب کے سامنے سید اقبال شاہ، حیات خان اچکزئی، شاہجہان گجر و دیگر بینظیر کی تصویر پر پھول نچھاور کر رہے ہیں

عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے موثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

قانون سازی کا بنیادی مقصد عوام کو عملی ریلیف فراہم کرنا اور ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانا ہونا چاہیے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود، صارفین کے حقوق کے تحفظ، خوراک کے معیار اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے مؤثر دفاع کے لیے جامع اور مؤثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی مفادات کے تحفظ، انسانی وقار کی پاسداری اور ایک شفاف، منصفانہ اور جواب دہ نظام کے قیام کے لیے پارلیمانی سطح پر اپنی کوششیں جاری رکھیں گی۔ سینیٹ کے اجلاس کے دوران مختلف قانون سازی کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے تین اہم بلوں پر توجہ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کا ای پی آئی سنٹر کا دورہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال دکی میں قائم ای پی آئی سنٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، ویکسین کی فراہمی و محفوظ ذخیرہ کاری اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ای پی آئی آفیسر پیر محمد نے ڈپٹی کمشنر کو حفاظتی ٹیکہ جات (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7پر)

ٹھیکیدار برادری کے حقوق کا ہر فورم پر تحفظ کیا جائے گا، میر عبدالسلام لانگو

مختلف اضلاع میں ایلیمین کی جانب سے اپنے من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر میر عبدالسلام لانگو، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی نے کہا ہے کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹر ایسوسی ایشن نے ٹھیکیدار برادری کے مسائل کے فوری حل کے لیے باقاعدہ شکایت سیل قائم کیا ہے جہاں بلوچستان کے مختلف اضلاع سے موصول ہونے والی شکایات پر مرکزی اور ضلعی عہدیداران مسلسل اور سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں، این ایچ اے متاثرہ ٹھیکیداروں کی واجب الادا رقم کی ادائیگی کو فوری طور پر یقینی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7پر)

محسن نقوی پر انحصار میاں شہباز شریف کو مہنگا پڑ سکتا ہے، حافظ منیر حسین احمد

مسلم لیگ (ن) مولانا فضل الرحمان پر تنقید کے لیے خود سامنے آئے، خواتین کو ڈھال نہ بنائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما حافظ منیر حسین احمد نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت اگر قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان پر تنقید کرنا چاہتی ہے تو خود سامنے آئے ایک خاتون وزیر اعلیٰ کو ڈھال بنا کر سیاسی وار کرنا بہادری نہیں، فیاض الحسن چوہان جیسے کرداروں کے ذریعے قائد جمعیت کے خلاف میڈیا ٹرائل کی کوشش کی جا رہی ہے تاہم جمعیت کے کارکنان تنقید، الزامات اور سیاسی دباؤ کا مقابلہ کرنا بخوبی جانتے ہیں، انہوں نے کہا کہ جے یو آئی نے ماضی میں بھی مخالفین کے سیاسی واروں کا مقابلہ کیا ہے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7پر)

مولانا فضل الرحمٰن کی سیاسی جدوجہد اور عوامی مقبولیت کسی حکومتی سرٹیفکیٹ کی محتاج نہیں، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف الزام تراشی اور کردار کشی کو سرکاری نمائندوں کی نوکریاں پکی کرنے کا آسان ذریعہ بنا دیا گیا ہے، جب بھی جمعیت علماء اسلام پنجاب سمیت (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

چترال کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل عمیر احمد بخاری پٹی کے مقام پر سسپنشن پل کا افتتاح کر رہے ہیں

غربت اور بیروزگاری صوبے کی ترقی، خوشحالی اور نوجوانوں کے مستقبل کیلئے چیلنجز ہیں، جعفر خان مندوخیل

وقت کا تقاضا ہے کہ نوجوانوں کو محض ملازمت کے متلاشی بنانے کے بجائے انہیں روزگار فراہم کرنے اور کاروبار کے ذریعے دوسروں کیلئے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنایا جائے

درپیش معاشی چیلنجز پر قابو پانے کیلئے محض مالی امداد اور راشن کی فراہمی پر انحصار کرنے کی بجائے معاشی خود انحصاری اور پائیدار اقدامات پر توجہ دینا ہوگی، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ غربت اور بیروزگاری صوبے کی معاشی ترقی، سماجی خوشحالی اور نوجوانوں کے مستقبل کیلئے بڑے چیلنجز ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ نوجوانوں کو محض ملازمت کے متلاشی بنانے کے بجائے انہیں روزگار فراہم کرنے اور کاروبار کے ذریعے دوسروں کیلئے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنایا جائے۔ اس مقصد کے حصول کی خاطر ہر ڈسٹرکٹ کی سطح پر جدید مہارتوں کی ترقی اور میرٹ کی پاسداری اور نظام کی شفافیت یقینی بنانے سے واضح آسانی پیدا ہوگی۔ اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان نے بیروزگاری کے خاتمے کیلئے معاشی ترجیحات از سر نو متعین کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ زراعت، لائیو اسٹاک، صنعت، تجارت اور (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7پر)

سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں جمہوری جدوجہد کا روشن باب ہیں، علی حسن زہری

سانحہ کارساز کے شہدا کے قاتلوں کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہوئے جمہوریت، امن اور عوامی حقوق کے تحفظ کے عزم کی تجدید

شہدا کو حقیقی خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے آئین کی بالادستی، پارلیمان کی مضبوطی اور عوامی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے

اسلام آباد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز محض ایک المناک واقعہ نہیں بلکہ جمہوریت، عوامی حقوق اور پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ کا وہ دردناک باب ہے جس کی یاد آج بھی قوم کے دلوں کو غمگین اور جمہوری جدوجہد کے عزم کو تازہ کرتی ہے۔ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کا مشن جمہوریت پر یقین رکھنے والوں کے لیے مشعل راہ رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میر علی حسن زہری نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007ء کو شہید (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7پر)

بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے

ژوب میں 50 کلو آٹے کی تھیلی 7 ہزار 400 روپے میں فروخت ہونے لگا

ژوب (این این آئی) بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا، غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں آج 17 اکتوبر کو غربت کے خاتمے کا عالمی دن منایا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ غربت، مہنگائی اور غذائی قلت نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق 50 کلو آٹے کی تھیلی 7 ہزار 400 روپے میں فروخت ہو رہی ہے، جو ایک عام مزدور، ریڑھی بان اور دیہاڑی دار کی قوت خرید سے باہر ہے۔ ایک مزدور جو دن بھر محنت کر کے بمشکل 500 روپے کماتا ہے، وہ اپنے خاندان (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)

بھاگ اور ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح ڈاکو تین موٹر سائیکلیں اور لاکھوں روپے لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بھاگ اور ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکو بے لگام ایک ہی دن میں تین موٹر سائیکلوں سمیت مقامی ہندو تاجر سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق کچھی پولیس تھانہ بھاگ سٹی میں گزشتہ روز نامعلوم ڈکیت مقامی ہندو تاجر امیت کمار سے دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس تھانے کی حدود عبداللہ شاہ ٹاؤن کے قریب تین (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7پر)

لاہور: پی پی پی کے زیر اہتمام سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ریلی نکالی جا رہی ہے

پولیس اہلکار عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، مولانا عبداللہ جتک

اوستہ محمد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر مولانا عبداللہ جتک نے نصیر آباد میں ڈاکوؤں کا تعاقب کرتے ہوئے فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر شدید افسوس اور مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس اہلکار عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، لیکن حکومتی اور انتظامی کارکردگی پر کئی سوالات جنم لے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ جب عوام کے محافظ ہی محفوظ نہیں تو پھر عوام کہاں جائیں اس سے قبل بھی متعدد پولیس اہلکار اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہو چکے ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ ان قربانیوں کے بعد حکومت اور انتظامیہ نے پولیس فورس کو مضبوط بنانے کے لیے عملی طور پر کیا (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7پر)

عوامی مفاد سے جڑے بل کو بغیر مشاورت کے فوری طور پر منظور نہ کیا جائے، ہیبتان عمر

حکومت ایکٹ کے ذریعے اکیڈمیز اور ادبی سوسائٹیز کو بیوروکریسی کے تسلط میں لانے کا فیصلہ قبول نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی علاقائی زبانوں کی اکیڈمیز کے رہنماؤں چیئرمین بلوچی اکیڈمی ہیبتان عمر، پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری نقیب اللہ نے کہا ہے کہ حکومت ایکٹ کے ذریعے اکیڈمیز اور ادبی سوسائٹیز کو بیوروکریسی کے تسلط میں لانا چاہتی ہے جس کو ہم قبول نہیں کریں گے اس سے خود مختاری سلب ہوگی اس لئے ہماری ممبران پارلیمان سے اپیل ہے کہ وہ علاقائی زبانوں، اکیڈمیز اور ادبی سوسائٹیز کے ایکٹ کو پاس کرنے کی بجائے قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے حوالے کریں اگر اس کو منظور کیا گیا تو ہم اسے عدالت میں چیلنج کریں گے۔ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

خضدار سے گندم کی باہر اسمگلنگ پر فوری پابندی عائد کی جائے، محمد حسن لہڑی

خضدار (آن لائن) چکی ایسوسی ایشن ضلع خضدار کے صدر محمد حسن لہڑی اور تمام ممبران نے ڈپٹی کمشنر خضدار، اسسٹنٹ کمشنر خضدار، کمشنر قلات، آئی جی بلوچستان اور ڈی آئی جی سے پرزور اپیل کی ہے کہ ضلع خضدار سے گندم کی باہر اسمگلنگ پر فوری پابندی عائد کی جائے۔ چکی ایسوسی ایشن خضدار کے عہدیداروں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اگر ضلع خضدار سے گندم باہر جانے پر پابندی لگائی جائے تو ضلع کے اندر گندم کا ریٹ کم ترین سطح پر آ سکتا ہے، جس (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف دانش سکول کی افتتاحی تقریب کے موقع پر طلبہ سے مصافحہ کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا قابل مذمت ہے، عمر اچکزئی

پشتونوں کو مسلسل دیوار سے لگانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، جو کسی صورت قابل قبول نہیں

کوئٹہ (آن لائن) صدارتی ایوارڈ یافتہ برائے حسن کارکردگی اور پاکستان تحریک انصاف کے سپورٹس اینڈ کلچر کے صدر عمر خان اچکزئی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ پر ڈاکا ڈال کر اقتدار حاصل کرنے والوں نے ملک میں جمہوریت، آئین اور قانون کی بالادستی کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آنے والوں نے فارم 45 کے مطابق کامیاب ہونے والے عوامی نمائندوں کا حق چھین لیا ہے، جو عوام کے ووٹ کی توہین اور جمہوری اصولوں کی کھلی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

ہمارا علاقہ کوئٹہ شہر کا گنجان آباد علاقہ ہے، زرجان بلوچ

فوری ترقیاتی کام کو شروع کر کے سردیوں میں گیس کی فراہمی ممکن بنائیں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ، اہلیان لاشار آباد، توحید آباد، مرشد آباد، عصمت آباد کی رہائشی خواتین زرجان بلوچ نے کہا ہے کہ 2017ء میں منظوری اور سروے کے باوجود علاقوں کو ایک شخص کی ایماء پر گیس پائپ لائن پر کام التواء کا شکار ہونے کی وجہ سے مکینوں کو مشکلات کا سامنا ہے بل جمع کرنے کے باوجود گیس کی سہولت سے محروم ہیں حکومت اور متعلقہ حکام اس کا نوٹس لیتے ہوئے فوری ترقیاتی کام کو شروع کر کے سردیوں میں گیس کی فراہمی ممکن بنائیں۔ یہ بات انہوں نے علاقے کی دیگر خواتین کے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7پر)

چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد کا تحصیل گنداخہ کی مختلف ٹیکس پوسٹوں کا دورہ

گنداخہ (آن لائن) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد میر مرتضیٰ حیدر خان جمالی کا تحصیل گنداخہ کی مختلف ٹیکس پوسٹوں کا دورہ، سندھ بلوچستان بارڈر پر ملازمین کے لیے کمرے کی تعمیر کی غرض سے جگہوں کا معائنہ، چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد میر مرتضیٰ حیدر خان جمالی نے تحصیل گنداخہ کی مختلف ضلع ٹیکس پوسٹوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے صدر میر سمیع اللہ جمالی، لعل جان جمالی، صدر گنداخہ پریس کلب سلیم کوپانگ اور صحافی نور حسن جمالی بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر انہوں نے سندھ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

عوام کے لیے آسانیاں اور میرٹ اور انصاف کو ترجیح دیا جائے، ملک جلندر خان لونی

ضلع میں امن اور ترقیاتی سرگرمیوں کے لیے ونگ 87 پاک ایف سی ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کاوشیں قابل تحسین ہیں

دکی (آن لائن) قبائلی رہنما ملک جلندر خان لونی نے کہا ہے کہ ضلع دکی میں امن و امان کے قیام، عوام کو بہتر انتظامی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پاک ایف سی اور ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ پاک ایف سی اور ڈپٹی کمشنر دکی جناب فضل الرحمٰن کبدانی، ایس پی دکی جناب یونس رضا، اسسٹنٹ کمشنر دکی جناب اکرم خان حریفال اور اسسٹنٹ کمشنر تحصیل لونی فتح خان بنگلزئی سمیت دیگر متعلقہ افسران اور ان کے ماتحت عملے کی جانب سے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرنے کی کوششیں قابل ستائش ہیں، جن سے ضلع میں ایف سی انتظامی بہتری اور عوامی اعتماد کے فروغ میں مدد ملی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7پر)

18 اکتوبر یوم شہدائے کارساز، جمہوریت کے شہداء کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں، غلام رسول عمرانی

کارکنان نے جمہوریت کی بحالی اور عوام کے حقوق کے لیے ہمیشہ قربانیاں دی ہیں

نصیر آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے نائب صدر و صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے 18 اکتوبر یوم شہدائے کارساز کے موقع پر سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدائے کارساز کی لازوال قربانیاں جمہوریت کی تاریخ کا روشن اور ناقابل فراموش باب ہیں۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ 18 اکتوبر پاکستان کی جمہوری جدوجہد میں ایک اہم اور ناقابل فراموش دن ہے، جب شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں سانحہ کارساز پیش آیا، جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے 180 سے زائد جیالوں نے جمہوریت اور عوامی حقوق کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز کی بہادری، وفاداری (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

18 اکتوبر پاکستان کی سیاسی تاریخ کا وہ دن ہے جو جمہوری جدوجہد، عزم اور قربانی کی یاد دلاتا ہے، میر عبدالرؤف رند

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالرؤف رند نے سانحہ کارساز کے شہداء کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 18 اکتوبر پاکستان کی سیاسی تاریخ کا وہ دن ہے جو جمہوری جدوجہد، عزم اور قربانی کی یاد دلاتا ہے۔ سانحہ کار (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

سیبی میں 2 سے 5 نومبر تک قومی انسداد پولیو مہم جاری رہے گی، ڈی سی

پانچ سال سے کم عمر کوئی بچہ حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے، میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی

سیبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیبی میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ والدین اپنے پھول جیسے معصوم بچوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانے کے لئے صرف دو قطرے پولیو ویکسین پلا کر اپنا فرض پورا کریں علماء کرام سول سوسائٹی سمیت میڈیا نمائندگان والدین میں آگہی و شعور کی فراہمی میں رول پلے کریں تاکہ ہمارے بچے صحت مند و توانا زندگی بسر کر سکیں آئندہ ماہ 2 نومبر سے 5 نومبر تک جاری رہنے والی قومی انسداد پولیو مہم کے انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں، پولیو ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے تاکہ پانچ سال سے کم عمر (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

کوئٹہ کی باہمت بیٹی نے معذوری کو شکست دے کر خواتین کیلئے مثال قائم کر دی

4 سال کی عمر میں پولیو کا شکار ہونے والی پلوشہ شہزادی نے محنت اور بلند عزم سے ہائی کورٹ کی وکیل بننے کا اعزاز حاصل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی باہمت بیٹی پلوشہ شہزادی نے معذوری کو شکست دے کر خواتین کے لیے مثال قائم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق 4 سال کی عمر میں پولیو کا شکار ہونے والی پلوشہ شہزادی نے محنت اور بلند عزم سے ہائی کورٹ کی وکیل بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ بایاں بازو اور پاؤں مفلوج ہونے کے باوجود پلوشہ شہزادی نے تعلیم جاری رکھی اور وکالت کے شعبے میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ بلند حوصلہ نوجوان وکیل پلوشہ شہزادی نے بتایا کہ وکالت کا پیشہ اختیار کرنے کی مخالفت کرنے والے ساتھی بھی آج انکی صلاحیتوں اور محنت کا اعتراف کرتے ہیں۔ پلوشہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کو دانش سکول سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، سیکرٹری تعلیم عبدالفتح بھنگر، الخدمت فاؤنڈیشن کے صدر عبدالمجید سربازی، پروفیسر عابد مقصود، پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، دیگر الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام "تعلیم سب کیلئے" کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں